★★★★ پاک سرزمین کا نظام..... قوت اخوت عوام ★★★★

ABC CERTIFIED

DAILY QUWAT LAHORE

چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
لاہور

روزنامہ قوت

ایڈیٹر
امداد اللہ قریشی

www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 15 | جمعرات 25 شوال 1446ھ، 24 اپریل 2025ء، 11 میساکھ 2082ب (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 170

پنجاب کے عوام کی زندگیوں میں آسانیاں لانا میرا خواب ہے، مریم نواز

نواز شریف کی قیادت میں پنجاب کو ترقی کی راہ پر گامزن کر چکے ہیں، عوام سے کئے وعدے پورے کریں گے، وزیراعلیٰ پنجاب سے فیصل آباد ڈویژن کے ارکان صوبائی اسمبلی کی ملاقات سیاسی امور، جاری ترقیاتی کاموں پر تبادلہ خیال

ارکان صوبائی اسمبلی کی مہنگائی میں کمی اور تاریخ کے سب سے زیادہ پراجیکٹ کی کامیاب لانچنگ پر مبارکباد، ریکارڈ ترقیاتی کام شروع کرانے پر شکریہ



لاہور: وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے ملاقت خصوصی اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کہا ہے کہ پنجاب کے عوام کی زندگیوں میں آسانیاں اور بہتری لانا ہی میرا خواب ہے۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے فیصل آباد ڈویژن کے ارکان صوبائی اسمبلی عارف عمر گوندل اور آغا علی حیدر نے ملاقات کی، جس میں سیاسی امور اور صوبے بھر میں جاری ترقیاتی کاموں پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ارکان صوبائی اسمبلی نے صوبے میں ریکارڈ ترقیاتی کام شروع (بقیہ نمبر 61)

وزیراعظم شہباز شریف کی کارکردگی کے نظام میں بہتری کیلئے کمیٹی تشکیل

وزیراعظم شہباز شریف نے حکومتی کارکردگی میں بہتری کے لئے وفاقی وزراء اور دیگر حکام پر مشتمل کمیٹی تشکیل دی ہے جس کا باقاعدہ نوٹیفکیشن بھی جاری کر دیا گیا ہے

وزیر خزانہ کو کمیٹی کا کنوینئر مقرر کیا گیا ہے، جبکہ کمیٹی اراکین میں وزیر توانائی، وزیر موسمیاتی تبدیلی، چیئرمین ایف بی آر و دیگر شامل ہوں گے



اسلام آباد: وفاقی وزیر تواناٹی سردار اویس احمد خان لغاری اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

اسلام آباد (نیوز رپورٹ) وزیراعظم شہباز شریف نے حکومتی کارکردگی کے نظام میں بہتری کیلئے کمیٹی تشکیل دے دی۔ وزیراعظم شہباز شریف نے حکومتی کارکردگی میں بہتری کے لئے وفاقی وزراء اور دیگر حکام پر مشتمل کمیٹی تشکیل دی جس کا باقاعدہ نوٹیفکیشن بھی جاری کر دیا گیا ہے۔ حکام کے مطابق وزیر خزانہ کو کمیٹی کا کنوینر مقرر کیا گیا ہے، جبکہ کمیٹی اراکین (بقیہ نمبر 60)

وزیراعظم کی زیر صدارت اجلاس، اسلام آباد میں غوای سہولت کے کئی بڑے منصوبے شروع کرنے کا فیصلہ

ٹریفک کے دیرینہ مسائل کے حل کیلئے پارکنگ پلازے اور فوڈ اسٹریٹس کیلئے ماسٹر پلان تیار کرنے کی ہدایات

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں عوام کی سہولت کے لیے متعدد نئے ترقیاتی منصوبے شروع کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کی زیر صدارت وزیراعظم شہباز شریف سے اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں منصوبوں کی باضابطہ منظوری دی گئی۔ اجلاس کو ٹریفک کے دیرینہ مسائل کو مکمل کرنے کے لیے فیض آباد انٹرچینج کے (بقیہ نمبر 25)

وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے پنجاب میں ٹیکہ آن وہلی کیلئے نئی ورجیدہ گاڑیاں خریدنے کی منظوری دیدی

ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ میں پہلی مرتبہ مائیٹرنگ، ریپورٹنگ اینڈ ایویلیوایشن یونٹ کا الگ شعبہ قائم کرنے کا فیصلہ

پرائمری اینڈ سیکنڈری ہیلتھ کیئر سروس بل 2025 پر غور، پرائمری اینڈ سیکنڈری ہیلتھ کیئر میں جامع ڈیجیٹل ریفرل سسٹم بھی متعارف کرایا جائیگا

لاہور (آئی این پی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی زیر صدارت ہیلتھ اینڈ پاپولیشن ڈیپارٹمنٹ سے متعلق خصوصی اجلاس منعقد ہوا جس میں ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ میں پہلی مرتبہ مائیٹرنگ، ریپورٹنگ اینڈ ایویلیوایشن ڈیپارٹمنٹ کا الگ شعبہ قائم کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے پنجاب میں ٹیکہ آن وہلی کیلئے نئی ورجیدہ گاڑیاں خریدنے کی منظوری دے دی۔ اجلاس میں پرائمری اینڈ سیکنڈری ہیلتھ کیئر سروس بل 2025 پر غور کیا گیا۔ ڈرگ (بقیہ نمبر 43)

پاکستان صحیح سمت میں چل پڑا، اسے کوئی ملکر ترقی میں رکاوٹ نہیں ڈال سکتا، نواز شریف

پنجاب میں سب کام میرٹ پر ہو رہے ہیں، مریم نواز نے پنجاب کو ترقی کی نئی راہ پر گامزن کر دیا ہے، لندن میں گفتگو

شہباز شریف نے گرتی معیشت کو سہارا دیا، مریم نواز نے پنجاب کو ترقی کی نئی راہ پر گامزن کر دیا ہے، لندن میں سب کام میرٹ پر ہو رہے ہیں، مریم نواز شریف کی قیادت میں پنجاب کی کوئی بھی کام میرٹ کے خلاف نہیں کر رہیں، پی ٹی اے بند کروائے (بقیہ نمبر 42)

لندن (این این آئی) مسلم لیگ ن کے صدر اور سابق وزیراعظم نواز شریف نے کہا کہ پاکستان صحیح سمت میں چل پڑا ہے۔ سابق وزیراعظم نواز شریف نے لندن میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ سب کو مل کر پاکستان کی ترقی میں کردار ادا کرنا ہوگا، وزیراعظم شہباز شریف بہترین کام کر رہے ہیں، شہباز شریف نے گرتی معیشت کو سہارا دیا، مریم نواز نے پنجاب کو ترقی کی نئی راہ پر گامزن کر دیا ہے۔ نواز شریف کا کہنا تھا کہ پنجاب میں سب کام میرٹ پر ہو رہے ہیں، مریم نواز شریف کی قیادت میں پنجاب کی کوئی بھی کام میرٹ کے خلاف نہیں کر رہیں، پی ٹی اے بند کروائے (بقیہ نمبر 42)

آئی ایم ایف نے پاکستان کی معاشی شرح نمو کا تخمینہ 2.6 فیصد کر دیا

آئی ایم ایف ریپورٹ، رواں سال پاکستان کی معاشی ترقی کی رفتار 3.6 سے کم کر کے 2.6 فیصد کر دی

پاکستان کے کرنٹ اکاؤنٹ خسارے کے تخمینے کو جی ڈی پی کے ایک فیصد سے کم کر کے 0.1 فیصد کر دیا

واشنگٹن (این این آئی) بین الاقوامی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) نے ورلڈ اکنامک آؤٹ لک رپورٹ جاری کر دی جس میں رواں سال پاکستان کی معاشی ترقی کی رفتار 3.6 سے کم کر کے 2.6 فیصد کر دی اور آئی ایم ایف نے اپنی رپورٹ میں کہا ہے کہ رواں مالی سال پاکستان کی معاشی ترقی کی رفتار 2.6 فیصد رہنے کا امکان ہے۔ اس سے پہلے آئی ایم ایف نے شرح نمو 3 فیصد رہنے کی پیش (بقیہ نمبر 40)

عمران خان کی نااہلی پر احتجاج، پی ٹی آئی رہنماؤں سمیت دیگر ملزمان پر فرد جرم عائد

ہر جگہ کہا جاتا ہے مقدمات درج ہوئے ٹرائل نہیں ہو رہا فرد جرم ہو تو کرنے کی استدعا عدالت کے ریمارکس

اسلام آباد (این این آئی) عمران خان کی نااہلی پر احتجاج کے کیس میں عدالت نے پی ٹی آئی رہنماؤں سمیت دیگر ملزمان پر فرد جرم عائد کر دی۔ اسلام آباد ڈسٹرکٹ کورٹ عدالت اسلام آباد میں پاکستان پی ٹی آئی کے بانی چیئرمین عمران خان کی نااہلی پر احتجاج کے مقدمات درج ہوئے ٹرائل نہیں ہو رہا فرد جرم ہو تو کرنے کی استدعا عدالت کے ریمارکس



اسلام آباد: وزیراعظم کے معاون خصوصی ہارون اختر خان کی زیر صدارت قومی ٹریکٹر پالیسی پر مشاورتی اجلاس جاری ہے

وفاقی حکومت نے ہمارے معاملے کو بہت خراب کر دیا، وزیراعلیٰ سندھ

وفاقی حکومت منصوبہ ختم کرنے کا اعلان کرے تاکہ یہ چینی ختم ہو، سندھ کے لوگ اب ایک چیز پر راضی ہوں گے کہ اس منصوبے کو ختم کیا جائے، ہمیں اس سے کچھ نہ ملے گا بلکہ جائیں گے، ایسا فیصلہ ہو جس سے سب کا نقصان ہو، مراد علی شاہ

کراچی (این این آئی) وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے کہا ہے کہ وفاقی حکومت نے ہمارے معاملے کو بہت خراب کر دیا، حکومت کو انہیں چاہئے تھا کہ وہ ہمارے ساتھ بیٹھتے، اس پر ڈپٹی وزیراعظم کو کوئی اعتراض نہیں چل رہا، سندھ کے لوگ اب ایک چیز پر راضی ہوں گے کہ اس منصوبے کو ختم کیا جائے، ہمیں اس سے کچھ نہ ملے گا بلکہ جائیں گے، ایسا فیصلہ ہو جس سے سب کا نقصان ہو، سندھ حکومت گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ سندھ حکومت کینالز منصوبے کو کروانے میں کامیاب ہے، کینالز کے معاملے پر بات آگے بڑھ رہی ہے، اس پر ڈپٹی وزیراعظم کو مبارکباد دیتا ہوں، سندھ نے کہا کہ ہمارے پاس دلیل موجود ہے کہ یہ منصوبہ ملک کے لیے فائدہ (بقیہ نمبر 41)

پنجاب سب سے کم گیس فراہم، سب سے زیادہ استعمال کرنے والا صوبہ بن گیا

گزشتہ مالی سال میں پنجاب نے 42.16، سندھ نے 42، خیبر پختونخوا نے 6 بلین ٹن سے 10 بلین کیوبک فیٹ گیس استعمال کی

پنجاب نے 2 فیصد، سندھ نے 49 فیصد، بلوچستان نے 14 فیصد اور خیبر پختونخوا نے 9.87 فیصد گیس فراہم ہوئی

لاہور (این این آئی) گزشتہ مالی سال کے دوران پنجاب سب سے کم گیس فراہم اور سب سے زیادہ استعمال کرنے والا صوبہ بن گیا، پنجاب کے سوا تمام صوبوں نے گیس کم استعمال اور فراہم زیادہ کی۔ ذرائع نے بتایا کہ گزشتہ مالی سال 2023-24 کے دوران پنجاب نے سب سے زیادہ 42.16، سندھ نے 42، خیبر پختونخوا نے 6 بلین (بقیہ نمبر 47)



وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق کی زیر صدارت پنجاب ہیومن آرگن ٹرانسپلانٹیشن اتھارٹی کی مانیٹرنگ اتھارٹی کا اجلاس

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق کی زیر صدارت محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن کی پنجاب ہیومن آرگن ٹرانسپلانٹیشن اتھارٹی کی مانیٹرنگ اتھارٹی کا 4 3واں اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایڈیشنل سیکرٹری ٹیکنیکل ڈاکٹر محمد ہمایوں اعوان سمیت (بقیہ نمبر 32)

اسکیلیٹمنٹ کے ساتھ بیک ڈور مذاکرات نہیں ہوئے، عمر ایوب

گرینڈ الائنس کا پہلا مطالبہ نئے انتخابات ہوگا، چیئرمین پی ٹی آئی اور مسلم لیگ ن ایک دوسرے کی پیٹھ پر وار کر رہے ہیں، بانی پی ٹی آئی

پشاور (این این آئی) قومی اسمبلی میں قائد حزب اختلاف عمر ایوب کا کہنا ہے کہ اسکیلیٹمنٹ کے ساتھ بیک ڈور مذاکرات نہیں ہو رہے۔ پشاور میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ گرینڈ الائنس کا پہلا مطالبہ نئے انتخابات کرانا ہوگا، پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ ن ایک دوسرے کی پیٹھ پر وار کر رہے ہیں۔



حساس اداروں سمیت سربراہ کنٹرولر آف ایگزامز کی تعیناتی پر پیکا ایکٹ کے تحت مقدمہ درج

لاہور (این این آئی) سوشل میڈیا پر حساس اداروں اور سربراہ کے خلاف قابل اعتراض پوسٹ کرنے پر پنجرہ کے خلاف مقدمہ درج کر لیا گیا۔ سوشل میڈیا ویلفیئر ونگ کے مقدمہ ملزم وقار خان کے خلاف لاہور کے تھانہ شادباغ میں پیکا ایکٹ کے تحت درج کیا گیا۔ مقدمے میں دیگر دفعات بھی شامل کی گئی ہیں۔

چیف سیکرٹری کا تجاوزات کیخلاف آپریشن جاری رکھنے کا حکم

تجاوزات کا صرف خاتمہ کافی نہیں بلکہ ان کا مستقل تدارک اور حتمی حل بھی انتہائی ضروری ہے، اجلاس سے خطاب

ڈپٹی کمشنرز کو پرائس مجسٹریٹس کی فیلڈ میں متحرک کرنے، قیمتوں کی مانیٹرنگ سے متعلق ہدایات جاری

لاہور (این این آئی) چیف سیکرٹری پنجاب زاہد اختر زمان نے صوبے میں تجاوزات کیخلاف آپریشن موثر انداز میں جاری رکھنے کی ہدایات جاری کر دیں۔ چیف سیکرٹری پنجاب کی زیر صدارت تجاوزات کے خاتمے سے متعلق اجلاس ہوا جس میں کمشنرز، ڈپٹی کمشنرز، ڈی جی پی ایچ اے، ڈی جی پی ڈی اے، ڈی جی ایل ڈی اے، ڈی جی ٹی ایم اے، ڈی جی پی ایم اے، ڈی جی پی ایم سی

ہفت روزہ قوت لاہور
سٹی نیوز

پی ایچ اے کے زیر انتظام جوہر ٹاؤن گلوبل ویلیج میں پنجاب صنعتی نمائش 2025 کا افتتاح

افتتاحی تقریب کے مہمانِ خصوصی سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب اور وزیرِ اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری تھیں

تقریب میں ڈائریکٹر جنرل پی ایچ اے محمد طاہر وٹو بھی اس موقع پر موجود تھے

سینئر وزیر مریم اورنگزیب اور وزیر اطلاعات عظمیٰ بخاری نے مختلف سٹالز کا دورہ کیا، صنعتکاروں اور کاریگروں کی بھرپور حوصلہ افزائی کی


سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب، وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری کے ہمراہ اوگلوبل ویلیج میں صنعتی نمائش کا افتتاح کر رہی ہیں

لاہور (خبر نگار) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی خصوصی ہدایات پر پاکستان ہیلتھ کیئر اتھارٹی کے زیر اہتمام گلوبل ویلیج جوہر ٹاؤن لاہور میں پنجاب صنعتی نمائش کا شاندار افتتاح ہوا۔ افتتاحی تقریب کی مہمانِ خصوصی سینئر صوبائی وزیر محترمہ مریم اورنگزیب اور وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری تھیں جبکہ ڈائریکٹر جنرل پی ایچ اے محمد طاہر وٹو بھی اس موقع پر موجود تھے۔ نمائش 22 اپریل سے 27 اپریل تک جاری ہے جس میں ملک بھر سے آئے ہوئے آرٹسٹ اور کاریگر لائیو آپریشنز، ہنر اور مہارتوں کا مظاہرہ کر رہے ہیں۔ نمائش میں کیلی گرافی، لیدر ورک، سلیکٹیو کٹنگ، بلیک سٹون ورک، ہنڈی، سلور جیولری جیسے مختلف روایتی و جدید صنعتی اشیاء تیار کی جاری ہیں۔ نمائش میں شہریوں کے لیے مفت انٹری کی سہولت موجود ہے، جہاں انہیں دستکاری ڈیلے کلچری، روایتی کھانوں کے سٹالز اور تفریحی سرگرمیوں کے مواقع فراہم کیے جا رہے ہیں۔ لیزر شو، بچوں کے شوز، ٹیلنٹ شو، پپٹ آفٹور، فیس پینٹنگ، ڈرم سرکل، میوزیکل جنیئر اور سینڈ آرٹ کا میدان بھی رنگا رنگ پروگرامز بھی نمائش کا حصہ ہیں۔ 24 اور 25 اپریل کو قومی ایوارڈ یافتہ بینک 26 اپریل کو میوزک کنسرٹ گلوبل ویلج ایوارڈ یافتہ گلوکار مریم نفیس پرفارمنس دیں گے۔ سینئر وزیر مریم اورنگزیب اور وزیر اطلاعات عظمیٰ بخاری نے مختلف سٹالز کا دورہ کیا، صنعتکاروں اور کاریگروں کی بھرپور حوصلہ افزائی کی اور ان کے فن کو سراہا۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب نے کہا کہ پنجاب بھر سے 200 زائد کاریگروں نے اس نمائش میں حصہ لیا ہے جو صرف پنجاب کی ثقافت کا آئینہ دار ہے بلکہ ستائی انڈسٹری کو فروغ دینے کا بہترین ذریعہ بھی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ یہ نمائش ہارس اینڈ کیمل شو کی کامیابی کے تسلسل کا ایک اور باب ہے۔ پی ایچ اے اور دی ڈی سی لاہور کی جس میں ملک بھر سے آئے ہوئے ہنرمند اپنے فن، ہنر اور مہارتوں کا مظاہرہ کر رہے ہیں۔ نمائش میں کیلی گرافی، لیدر ورک، سلیکٹیو کٹنگ، بلیک سٹون ورک، ہنڈی، سلور جیولری جیسے مختلف روایتی و جدید صنعتی اشیاء تیار کی جاری ہیں۔ نمائش میں شہریوں کے لیے مفت انٹری کی سہولت موجود ہے، جہاں انہیں دستکاری ڈیلے کلچری، روایتی کھانوں کے سٹالز اور تفریحی سرگرمیوں کے مواقع فراہم کیے جا رہے ہیں۔ لیزر شو، بچوں کے شوز، ٹیلنٹ شو، پپٹ آفٹور، فیس پینٹنگ، ڈرم سرکل، میوزیکل جنیئر اور سینڈ آرٹ کا میدان بھی رنگا رنگ پروگرامز بھی نمائش کا حصہ ہیں۔ 24 اور 25 اپریل کو قومی ایوارڈ یافتہ بینک 26 اپریل کو میوزک کنسرٹ گلوبل ویلج ایوارڈ یافتہ گلوکار مریم نفیس پرفارمنس دیں گے۔ سینئر وزیر مریم اورنگزیب اور وزیر اطلاعات عظمیٰ بخاری نے مختلف سٹالز کا دورہ کیا، صنعتکاروں اور کاریگروں کی بھرپور حوصلہ افزائی کی اور ان کے فن کو سراہا۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب نے کہا کہ پنجاب بھر سے 200 زائد کاریگروں نے اس نمائش میں حصہ لیا ہے جو صرف پنجاب کی ثقافت کا آئینہ دار ہے بلکہ ستائی انڈسٹری کو فروغ دینے کا بہترین ذریعہ بھی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ یہ نمائش ہارس اینڈ کیمل شو کی کامیابی کے تسلسل کا ایک اور باب ہے۔ پی ایچ اے اور دی ڈی سی لاہور کی جس میں ملک بھر سے آئے ہوئے ہنرمند اپنے فن، ہنر اور مہارتوں کا مظاہرہ کر رہے ہیں۔ نمائش میں کیلی گرافی، لیدر ورک، سلیکٹیو کٹنگ، بلیک سٹون ورک، ہنڈی، سلور جیولری جیسے مختلف روایتی و جدید صنعتی اشیاء تیار کی جاری ہیں۔ نمائش میں شہریوں کے لیے مفت انٹری کی سہولت موجود ہے، جہاں انہیں دستکاری ڈیلے کلچری، روایتی کھانوں کے سٹالز اور تفریحی سرگرمیوں کے مواقع فراہم کیے جا رہے ہیں۔ لیزر شو، بچوں کے شوز، ٹیلنٹ شو، پپٹ آفٹور، فیس پینٹنگ، ڈرم سرکل، میوزیکل جنیئر اور سینڈ آرٹ کا میدان بھی رنگا رنگ پروگرامز بھی نمائش کا حصہ ہیں۔ 24 اور 25 اپریل کو قومی ایوارڈ یافتہ بینک 26 اپریل کو میوزک کنسرٹ گلوبل ویلج ایوارڈ یافتہ گلوکار مریم نفیس پرفارمنس دیں گے۔ سینئر وزیر مریم اورنگزیب اور وزیر اطلاعات عظمیٰ بخاری نے مختلف سٹالز کا دورہ کیا، صنعتکاروں اور کاریگروں کی بھرپور حوصلہ افزائی کی



قومی ٹریکٹر پالیسی پر اعلیٰ سطحی مذاکرات، زراعت وصنعت کو مستحکم بنانے کی جانب پیش رفت

وزیر اعظم کے معاونِ خصوصی ہارون اختر خان کی زیر صدارت قومی ٹریکٹر پالیسی پر اعلیٰ سطحی اجلاس

لاہور/اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) وزیر اعظم کے معاونِ خصوصی برائے صنعت و پیداوار، ہارون اختر خان کی زیرِ صدارت آج ٹریکٹر پالیسی پر اعلیٰ سطحی اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد ہوا، جس میں قومی ٹریکٹر پالیسی کے خدوخال پر تفصیلی غور کیا گیا۔ ہارون اختر خان نے اجلاس کو بتایا کہ "زراعت، برآمدات اور پیداوار کے شعبوں کو ایک دوسرے سے جڑے ہوئے ہونا چاہیے، جس کی ترقی قومی معیشت کی بہتری کے لیے ناگزیر ہے"۔ انہوں نے مزید کہا کہ برآمدات میں اضافہ اور صنعت کو مضبوط بنانا وزیر اعظم کا ویژن ہے۔ اجلاس میں ٹریکٹر مینوفیکچررز کی جانب سے ڈی کے ٹیوبز کے نائب صدر عبدالرحمٰن نے پالیسی کے مختلف پہلوؤں پر اپنی تجاویز پیش کیں۔ انہوں نے کہا کہ "ہم نے ایک ایسی پالیسی کا مطالبہ کیا ہے جو نہ صرف صارفین کے لیے سستی ہو بلکہ مقامی صنعت کو بھی فروغ دے"۔ انہوں نے کہا کہ ٹریکٹر پالیسی کو ایک شاندار اور درس ناگزیر ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ برآمدات میں اضافہ اور صنعت کو مضبوط بنانا وزیر اعظم کا ویژن ہے۔ اجلاس میں ٹریکٹر مینوفیکچررز کی جانب سے ڈی کے ٹیوبز کے نائب صدر عبدالرحمٰن نے پالیسی کے مختلف پہلوؤں پر اپنی تجاویز پیش کیں۔ انہوں نے کہا کہ "ہم نے ایک ایسی پالیسی کا مطالبہ کیا ہے جو نہ صرف صارفین کے لیے سستی ہو بلکہ مقامی صنعت کو بھی فروغ دے"

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
''روزنامہ قوت لاہور'' (3) 24 اپریل 2025ء

کمشنر گوجرانوالہ کا علامہ اقبال ٹیچنگ ہسپتال کا دورہ

کمشنر گوجرانوالہ نے ایمرجنسی، سی او ٹی، لیبارٹری، میڈیکل وارڈز، ڈائیلسز، فارمیسی، بچوں کے نگہداشت کے یونٹ سمیت مختلف شعبہ جات کا تفصیلی معائنہ کیا



سیالکوٹ (قوت ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) کمشنر گوجرانوالہ سید نوید حیدر شیرازی اور ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ سید حسن رضا کا علامہ اقبال میموریل ٹیچنگ ہسپتال کا اچانک دورہ کیا۔ کمشنر گوجرانوالہ نے ایمرجنسی، سی او ٹی، لیبارٹری، میڈیکل وارڈز، ڈائیلسز، فارمیسی، بچوں کے نگہداشت کے یونٹ سمیت مختلف شعبہ جات کا تفصیلی معائنہ کیا ہسپتال کے واش رومز اور فارمیسی مین صفائی کی خراب صورتحال پر کمشنر کا ناراضگی کا اظہار، وزیر اعلی پنجاب کی ہدایت کے مطابق ہسپتال میں طبی سہولیات اور ادویات کی مفت فراہمی اولین ترجیح ہے۔ نوید حیدر شیرازی نے ہسپتال کے ملازم کی جانب سے مریض سے پیسے لینے پر فوری معطل کرنے کے احکامات جاری کئے۔ فرائض مین غفلت برداشت نہیں کی جائے گی۔ ڈپٹی کمشنر اور اسسٹنٹ کمشنر ہسپتالوں کی باقاعدگی سے انسپکشن کریں۔ ڈاکٹرز اور پیرا میڈیکل اسٹاف دکھی انسانیت کی خدمت میں کوئی کسر اٹھا نہ رکھیں۔ مریضوں کی عیادت کی اور ان کی شکایات کا ازالہ اور دیکھ بھال کیلئے احکامات صادر کئے وزیر اعلی مریم نواز کے احکامات کی روشنی میں تمام طبی سہولیات کی دستیابی کو یقینی بنایا جا رہا ہے صحت عامہ کی سہولیات اور تعلیمی معیار اولین ترجیح ہے دستیاب وسائل کو جانفشانی سے استعمال کیا جائے، کوتاہی وغفلت برداشت نہ ہوگی

جہلم ڈپٹی کمشنر جہلم میثم عباس کی زیر صدارت پرائس کنٹرول کمیٹی کا اجلاس

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم ڈپٹی کمشنر جہلم میثم عباس کی زیر صدارت پرائس کنٹرول کمیٹی کا اجلاس، روز مرہ اشیاء کی قیمتوں اور پرائس مجسٹریٹس کی کارکردگی کا جائزہ، تفصیلات کے مطابق ڈپٹی کمشنر جہلم میثم عباس کی زیر صدارت پرائس کنٹرول کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا جس میں ماہ اپریل میں روز مرہ اشیاء خورد ونوش کی قیمتوں، مارکیٹ میں دستیابی اور زائد نرخ وصول کرنے والوں کے خلاف پرائس مجسٹریٹس کی جانب سے کی گئی کارروائیوں پر بریفنگ دی گئی اجلاس میں ماہ اپریل کے پہلے تین ہفتوں کے دوران زائد قیمتوں کی وصولی، ریٹ لسٹ آویزاں نہ کرنے پر کئے گئے جرمانے، مقدمات کے اندراج اور سیل کی گئی۔

ستھرا پنجاب مہم کا گلی محلوں میں تعفن زدہ کوڑے کرکٹ ڈھیر منہ چڑھانے لگے

کوڑا کرکٹ کے ڈھیروں اور غلاظت کے ڈھیروں نے انتظامیہ کے صفائی کے دعوے دھرے رہ گئے

وزیر آباد (تحصیل رپورٹر) ستھرا پنجاب مہم کا گلی محلوں میں تعفن زدہ کوڑے کرکٹ ڈھیر منہ چڑھانے لگے کئی دن کا پڑا کوڑا کرکٹ کئی مچھروں کے گھر بن گئے، کوڑا کرکٹ کے ڈھیروں اور غلاظت کے ڈھیروں نے انتظامیہ کے صفائی کے دعوے دھرے رہ گئے عملہ صفائی کئی کئی روز علاقہ جات کا رخ نہیں کرتا۔ وزیر آباد شہر کے علاقہ جات گلی گورو کوٹھا محلہ شیخاں مغربی ومشرقی، گلو منڈی، مسلم روڈ، جناح کالونی، لالہ زار کالونی، سمیت متعدد علاقہ جات میں صفائی کی ابتر صورتحال نالیوں سے باہر گندے پانی اور سیوریج سسٹم کے غلیظ پانی نے راہ گیروں کے لیے گزرنا مشکل بنا دیا ہے کوڑے کرکٹ کی بھرمار اور غلاظت کی وجہ سے حشرات الارض سمیت بیماریوں کا سب سے بڑا سبب مکھی ومچھر کی بہتات نے عوام کی زندگی اجیرن بنا کر رکھ دی ہے کوڑے کرکٹ کی بدبو نے علاقہ مکینوں کو اذیت میں مبتلا کر رکھا ہے شہریوں کا کہنا ہے کہ جگی پٹی صرف باتوں تک محدود ہے کئی کئی روز علاقہ جات میں صفائی عملہ نہ پہنچنے کی وجہ سے گلیاں محلے کوڑے کرکٹ اور غلاظت کی آماجگاہ بنے ہوئے ہیں شہریوں نے ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ/ وزیر آباد سے مطالبہ کیا ہے کہ عملہ صفائی کی ان کے مخصوص علاقہ جات میں ڈیوٹیز پر کام کا پابند بنایا جائے۔

فیصل آباد پریس کلب اور معروف میڈیکل لیبارٹری ''میکس لیب'' کے درمیان معاہدہ (ایم او یو) پر دستخط کیے گئے

جس کے تحت پریس کلب کے ممبران اور ان کے اہل خانہ کو میڈیکل ٹیسٹ پر 40 فیصد خصوصی رعایت فراہم کی جائے گی

فیصل آباد (میاں محمد ساجد) فیصل آباد پریس کلب اور معروف میڈیکل لیبارٹری ''میکس لیب'' کے درمیان معاہدہ (ایم او یو) پر دستخط کیے گئے، جس کے تحت پریس کلب کے ممبران اور ان کے اہل خانہ کو میڈیکل ٹیسٹ پر 40 فیصد خصوصی رعایت فراہم کی جائے گی۔ معاہدے پر دستخط صدر پریس کلب شاہد علی، سینئر نائب صدر جی اے تنویر اور میکس لیب فیصل آباد کے مقامی انچارج نے کئے۔ اس موقع پر صدر پریس کلب شاہد علی نے کہا کہ موجودہ دور میں مہنگے میڈیکل ٹیسٹ ایک عام شہری کے لیے بھی چیلنج بن چکے ہیں، اور صحافی برادری بھی ان معاشی مشکلات سے محفوظ نہیں۔ ایسے حالات میں پریس کلب کی جانب سے میکس لیب کے ساتھ یہ معاہدہ ہمارے ممبران اور ان کے اہل خانہ کے لیے ایک اہم سہولت اور فلاحی قدم ہے، جس کا مقصد ان کے طبی بوجھ کو کم کرنا ہے۔ سینئر نائب صدر جی اے تنویر نے کہا کہ صحت مند صحافی برادری کو معیاری اور قابل اعتماد طبی سہولیات کی فراہمی کے لیے پرعزم ہیں۔



پریس کلب کے تعاون پر شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ وہ صحافی برادری کے ساتھ یہ معاہدہ کر سکتا ہے، اور ہم اپنے ممبران کی سہولت کے لیے ایسے اقدامات جاری رکھیں گے۔ میکس لیب کے نمائندے نے

ڈسٹرکٹ ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی کی زیر نگرانی سنٹرل ایکشن ریسکیو 1122 میں پری فلڈ (ڈرائی) موک ایکسرسائز کا اہتمام

موک ایکسرسائز میں ریسکیو 1122، سول ڈیفنس اور لائیو سٹاک کی جانب سے فلڈ فائیٹنگ آلات وادویات کے حوالے سے سٹالز لگائے گئے

دیپال پور (زاہد عمران حجوکہ) سیکرٹری ایمرجنسی سروسز ڈائریکٹر رضوان نصیر (ستارہ امتیاز) اور ایڈیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی کی ہدایات پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ریونیو)/ فوکل پرسن ڈسٹرکٹ ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی کی زیر نگرانی سنٹرل ایکشن ریسکیو 1122 میں پری فلڈ (ڈرائی) موک ایکسرسائز کا اہتمام کیا گیا، موک ایکسرسائز میں ریسکیو 1122، سول ڈیفنس اور لائیو سٹاک کی جانب سے فلڈ فائیٹنگ آلات وادویات کے حوالے سے سٹالز لگائے گئے، سنٹرل ایکشن آمد پر سیکرٹری ڈسٹرکٹ ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی/ ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر انچارج انتظام نے سنٹرل ایکشن پر لگائے گئے تمام میڈیکل، فائر فائیٹنگ اور فلڈ فائیٹنگ سٹالز کا معائنہ کروایا، ریسکیو سٹالز پر ریسکیورز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور فلڈ فائیٹنگ ایمرجنسی کے دوران استعمال ہونے والے آلات کے بارے مکمل بریفنگ دی گئی، کمانڈ اینڈ کنٹرول روم کے معائنہ کے دوران ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر انجینئر احتشام نے (RADC) کو EMDS کے حوالے سے مکمل بریفنگ بھی دی، بعد ازاں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو اوکاڑہ اور ڈائریکٹر (آپریشنز) پی ڈی ایم اے نے ممکنہ سیلابی صورتحال سے نبرد آزما ہونے کی تیاریوں، فلڈ فائیٹنگ آلات کی دستیابی اور فعالیت کو یقینی بنانے کے حوالے سے اجلاس منعقد کیا، اجلاس میں فلڈ فائیٹنگ آلات کی دستیابی اور فعالیت کو یقینی بنانے کے حوالے سے ہدایات جاری کی گئیں۔

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو محمد ابراہیم ارباب کی زیر صدارت ریونیو افسران کا اجلاس

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو محمد ابراہیم ارباب کی زیر صدارت ریونیو افسران کا اجلاس، اجلاس میں ضلع بھر کے ریونیو افسران نے شرکت کی اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو محمد ابراہیم ارباب نے کہا کہ بورڈ آف ریونیو کے اقدامات پر عمل درامد کے لیے حکومت پنجاب کی گائیڈ لائنز پر مکمل عمل کیا جائے، اراضی ریکارڈ سینٹرز اور مراکز مال میں عوام کو ریونیو سروسز کی فراہمی کے لیے اقدامات کا سلسلہ جاری رکھا جائے اور اس سلسلہ میں عوامی شکایات کے ازالہ کی جانب خصوصی توجہ دیتے ہوئے عوامی مسائل فوری طور پر حل کیے جائیں، ڈپٹی کمشنر ریونیو محمد ابراہیم ارباب نے کہا کہ تمام ریونیو افسران سرکاری واجبات کی وصولی اور زیر التوا ریونیو کیسز کے جلد از جلد حل کے لیے بھی ترجیحی بنیادوں پر اقدامات کریں۔

خون کا عطیہ دینے سے انسان بیماریوں سے محفوظ رہتا ہے، ڈی پی او

کسی بھی ضرورت مند مریض کو خون عطیہ کرنا صدقہ جاریہ میں شمار ہوتا ہے، جبکہ کسی دوسرے انسان کی مدد سے قدرت الٰہی کی جانب سے قلبی سکون وراحت حاصل ہوتی ہے



حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عاطف نذیر نے کہا ہے کہ خون کا عطیہ لینے والے کی ضرورت اور دینے والے کے لیے نعمت ہے۔ کسی بھی ضرورت مند مریض کو خون عطیہ کرنا صدقہ جاریہ میں شمار ہوتا ہے، جبکہ کسی دوسرے انسان کی مدد سے قدرت الٰہی کی جانب سے قلبی سکون وراحت حاصل ہوتی ہے اور انسان ہر قسم کی آفات اور محرومیوں سے نجات پاتا ہے۔ اکثر لوگوں کے ذہنوں میں شکوک وشبہات پائے جاتے ہیں کہ اگر ہم خون دیں گے تو کمزور ہو جائیں گے۔ اس طرح کے سارے تصور غلط ہیں اور ڈبلیو ایچ او کی ریسرچ اس پر موجود ہیں کہ خون دینے سے انسان بیماریوں سے بھی محفوظ رہتا ہے اور جسم تندرست رہتا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے سندس فاؤنڈیشن کے تعاون سے پولیس لائن میں خون کا عطیہ کرتے ہوئے اور پولیس کے جوانوں سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر ڈی پی او ایس پی ہیڈ کوارٹر شہزاد ورک، سابق ضلع ناظم کرنل (ر) علی احمد اعوان، سندس فاؤنڈیشن کیمپ میں 127 بیگ خون عطیہ کیا گیا۔ ڈی پی او عاطف نذیر نے مزید کہا کہ خون کا عطیہ ان تھیلیسیمیا مریضوں کے لیے بھی زندگی کی نوید ہے جنہیں ہر کچھ عرصے بعد خون کی ضرورت ہوتی ہے۔ سب سے ضرورت مند تھیلیسیمیا ایسے مریض ہیں جن میں خون کی پیداوار سرے سے نہیں ہوتی اور مکمل طور پر وہ دوسروں کے خون کے رحم و کرم پر ہوتے ہیں جبکہ خون کی ایک بوتل تین زندگیاں بچانے کے کام آتی ہے۔ سرخ سیل تھیلیسیمیا مریضوں اور پلازمہ ہیمو فیلیا اور دیگر خون کے کینسر کے مریضوں کے کام آتا ہے۔ ڈی پی او نے خون کا عطیہ کرنے والے پولیس کے جوانوں و دیگر خون کا عطیہ کرنے والوں کے جذبات کو سراہا۔ ایڈمنسٹریٹر سندس فاؤنڈیشن حسنین علی نے کہا کہ خون کا عطیہ دینے کا سب سے اہم فائدہ یہ ہے کہ عطیہ کنندہ کے خون کی باقاعدگی سے جانچ مفت ہوتی رہتی ہے اور دیگر افراد کی نسبت اسے مہلک بیماریوں اور ان سے بچاؤ کے بارے میں آگاہی ملتی رہتی ہے۔

فوڈ سیفٹی ٹیم کا گلریز کالونی گلی نمبر 3 میں جعلی مصالحے تیار کرنے والے یونٹ پر چھاپہ

200 کلو غیر معیاری مصالحے، 66 کلو جعلی پیکنگ میٹریل، 46 کلو سرکہ ضبط، گرائنڈنگ یونٹ کے مالک کیخلاف مقدمہ درج

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) پنجاب فوڈ اتھارٹی کا صحت دشمنوں کے گرد گھیرا تنگ، فوڈ سیفٹی ٹیم کا گلریز کالونی گلی نمبر 3 میں جعلی مصالحے تیار کرنے والے یونٹ پر چھاپہ، 200 کلو غیر معیاری مصالحے، 66 کلو جعلی پیکنگ میٹریل، 46 کلو سرکہ ضبط، گرائنڈنگ یونٹ کے مالک کیخلاف مقدمہ درج، پروڈکشن بند کر دی گئی۔ پنجاب فوڈ اتھارٹی کی جانب سے جعل سازی اور دھوکہ دہی میں ملوث عناصر کیخلاف آئے روز کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے۔ تفصیلات کے مطابق فیصل آباد روڈ پر گلریز کالونی میں قائم جعلی مصالحے پیک کرنے والے یونٹ پر کارروائی عمل میں لائی گئی۔ مختلف برانڈز کے نام سے مصالحہ جات کی جعلی پیکنگ کی جا رہی تھی۔ آپریشن کے دوران سرخ مرچیں، ہلدی پاؤڈر، نمک اور سرکہ برآمد کیا گیا۔ مصالحہ جات کو مختلف کمپنیوں کے نام سے پیک کر کے مارکیٹ میں فروخت کیا جانا تھا۔ فوڈ سیفٹی ٹیم نے مصنوعات کے سیمپل لے کر مزید جانچ کیلئے لیبارٹری بھجوا دیے۔ کارروائی کے دوران تمام پیک شدہ اور کھلا سامان ضبط کر کے چکی کی پروڈکشن بند کر دی گئی۔ جعلی سازی کرنے پر فوڈ بزنس مالک کیخلاف ایف آئی آر درج کروا دی گئی۔ اس موقع پر ڈی جی فوڈ اتھارٹی محمد عاصم جاوید کا کہنا تھا کہ عوام کی صحت سے کھلواڑ کرنے والوں کے تمام حربے ناکام بنائیں گے۔

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز زبردست ایڈمنسٹریٹر ثابت ہوئی ہیں۔ اظہر حمید بھٹی

ضلع سیالکوٹ میں ترقیاتی کام تیزی سے جاری ہیں۔ بیرسٹر ابوبکر بھٹی



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) پنجاب میں انفراسٹرکچر ہو یا صفائی انتظامات وہ ترقیاتی منصوبہ جات ہوں یا پھر عوامی فلاح و بہبود کی سکیمیں جہاں دیکھیں وزیر اعلیٰ پنجاب کی تیمیں متحرک دکھائی دیتی ہیں۔ دوسری جانب ضلع سیالکوٹ میں بزنس کمیونٹی کے مسائل سے لیکر شہریوں کے حقوق کا تحفظ سنیئر سیاستدان و وزیر دفاع پاکستان خواجہ محمد آصف کی مدبرانہ و قابل قیادت دکھائی دے رہی ہے۔ ان باتوں کا اظہار معروف بزنس مین وسماجی شخصیت اظہر حمید بھٹی اور بیرسٹر ابوبکر اظہر بھٹی اور عباد اظہر بھٹی آف سانزلے پرائیویٹ انٹرنیشنل نے اپنے میڈیا بیان میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب بھر کی ترقی کے لئے ترقیاتی منصوبوں کیساتھ عوام دوست پالیسیوں کے مثبت نتائج عام عوام کا طرز زندگی بہتری کیجانب گامزن ہے تو دیں بین الاقوامی اداروں کی پاکستانی معیشت کی بہتری کے سکنرز رہے ہیں جو لوگی ترقی کیلئے انتہائی مفید ہے۔

مانگا روڈ رائیونڈ پر سرور آئی کیئر اور تاج دین فارمیسی کی جانب سے تین روزہ فری آئی کیمپ لگایا گیا

روزانہ کی بنیاد پر ایک سو سے زائد مریضوں کا معائنہ کیا گیا جس میں فری چیک اپ فری معائنہ فری میڈیسن مریضوں کو مہیا کی گئی



رائیونڈ (عبدالرزاق سید سے) مانگا روڈ رائیونڈ پر سرور آئی کیئر اور تاج دین فارمیسی کی جانب سے تین روزہ فری آئی کیمپ لگایا گیا ہے جس میں روزانہ کی بنیاد پر ایک سو سے زائد مریضوں کا معائنہ کیا گیا جس میں فری چیک اپ فری معائنہ فری میڈیسن مریضوں کو مہیا کی گئی یہ فری آئی کیمپ تاجدین فارمیسی حاجی تاجدین پلازہ میں تین دن تک مسلسل عوام کی خدمت میں مشغول رہا اور الحمدللہ اپنے علاقے کے لوگوں کو انکھوں کا مفت علاج مہیا کر کے خدمت خلق کی۔ سرور آئی کیئر اور تاج دین فارمیسی کے انتظامیہ کا کہنا ہے کہ خدمت خلق ہی وہ خدمات ہے جس سے اللہ تعالیٰ راضی ہوتا ہے منہگائی نے عوام کا جینا دوبھر کر دیا ہے اسے میں فری آئی کیمپ شہریوں کے لیے کسی نعمت سے کم نہیں انتظامیہ کا مزید کہنا تھا کہ انشاء اللہ بہت جلد ایسے اور بھی بہت سے کیمپ لگائے جائیں گے تاکہ زیادہ سے زیادہ شہری ان کیمپس سے مستفید ہوسکیں۔

نئی تعینات اسسٹنٹ کمشنر ساجدہ رزاق نے تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال کا وزٹ کیا

صفائی کے نظام کو اور بہتر بنانے کی ضرورت ہے، دستیاب شدہ وسائل کے اندر رہتے ہوئے بہترین علاج فراہم کیا جائے



میاں چنوں (تحصیل رپورٹر) نئی تعینات اسسٹنٹ کمشنر ساجدہ رزاق نے تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال کا وزٹ کیا، ایم ایس ڈاکٹر آصف منیر نے ہسپتال کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی، سٹاف کی حاضری اور ہسپتال میں جاری ترقیاتی کام کا جائزہ بھی لیا گیا، اسسٹنٹ کمشنر ساجدہ رزاق کا کہنا تھا کہ صفائی کے نظام کو اور بہتر بنانے کی ضرورت ہے، ہسپتال میں آنے والے مریضوں کو دستیاب شدہ وسائل کے اندر رہتے ہوئے بہترین علاج فراہم کیا جائے، بعد ازاں اسسٹنٹ کمشنر نے آرٹ competition کے حوالے سے گورنمنٹ گرلز ایلیمنٹری اسکول میں شرکت، آرٹ competition میں "Good touch bad touch" کا تھیم رکھا گیا تھا، اس آرٹ competition میں مختلف سکولوں نے بھی حصہ لیا، اسسٹنٹ کمشنر کا کہنا تھا کہ اس آرٹ competition کا مقصد بچوں میں بیداری پیدا کرنے اور انہیں کسی بھی قسم کی بد سلوکی سے بچانا ہے، ٹیچرز کے ساتھ ساتھ والدین سے بھی گزارش ہے کہ بچوں کو Good touch bad touch کے حوالے سے بریف کریں۔

ضلع میں انسداد پولیو مہم پر عملدرآمد جاری

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ضلع میں انسداد پولیو مہم پر عملدرآمد جاری ہے۔ انسداد پولیو مہم کے دو روز میں پانچ سال تک کی عمر کیا یک لاکھ 95 ہزار 629 بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے جا چکے ہیں جبکہ پولیو ٹیمیں فیلڈ میں سرگرم ہیں ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل نے ڈسٹرکٹ پولیو ایڈمنسٹریشن کمیٹی کے ایونگ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کہا کہ مہم کے سو فیصد اہداف حاصل کرنا ترجیح ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسسٹنٹ کمشنرز مہم کی دوہری مانیٹرنگ جاری رکھیں اور اب تک کسی وجہ سے گھروں سے غیر حاضر بچوں کو تلاش کر کے پولیو ویکسین کے قطرے پلائے جائیں۔ انہوں نے والدین سے مہم کے باقی ایام میں بھی تعاون کی اپیل کی۔ دریں اثناء اسسٹنٹ کمشنرز نے بھی مہم پر عملدرآمد کو چیک کیا۔

قومی امن کمیٹی بین المذاہب ہم آہنگی چنیوٹ کا ایک اہم اجلاس سٹی دفتر میں منعقد ہوا

اجلاس میں ضلع بھر سے عہدیداران وممبران نے کثیر تعداد میں شرکت کی



چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) قومی امن کمیٹی بین المذاہب ہم آہنگی چنیوٹ کا ایک اہم اجلاس سٹی دفتر میں منعقد ہوا، اجلاس میں ضلع بھر سے عہدیداران وممبران نے کثیر تعداد میں شرکت کی اجلاس میں قومی امن کمیٹی بین المذاہب ہم آہنگی پنجاب کے پریس سیکرٹری شیخ محمد عثمان بھڑاڑہ ضلعی صدر عمر دراز بھٹی، ضلعی سینئر نائب صدر میاں شاہد دستگیر نیکوکارہ سٹی صدر ملک مرید سلطان ٹوانہ زرخمہ خان سٹی سینئر نائب صدر نے خصوصی شرکت کی اجلاس کے دوران عسکری امور اور قومی امن کمیٹی بین المذاہب ہم آہنگی کے اغراض ومقاصد کے بارے میں تبادلہ خیال کیا گیا صوبائی پریس سیکرٹری پنجاب شیخ محمد عثمان بھڑاڑہ نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہماری کمیٹی اپنے مرکزی چیئرمین سید علیشاہ راشدی وصوبائی چیئرمین میاں افتخار حسین جلوی کی قیادت میں کام کر رہی ہے ملک میں امن وامان دہشت گردی کے خاتمے اور آخوت بھائی چارے کے فروغ کیلئے کام کیا جا رہا ہے ملک سلامتی اور بقاء کیلئے قومی امن کمیٹی بین المذاہب ہم آہنگی اپنا بھرپور کردار ادا کرتی رہے گی۔

محکمہ صحت ملازمین کا دیہی مراکز صحت بنیادی مراکز صحت کو آؤٹ سورس کرنے پر احتجاج کئی روز سے جاری

مریضوں کو مشکلات کو سامنا ایمرجنسی گائنی اور حفاظتی ٹیکہ جات کے شعبہ جات کھلے باقی تمام شعبے بند حکومت مطالبات تسلیم کرے

نارنگ منڈی (نامہ نگار) محکمہ صحت ملازمین کا دیہی مراکز صحت بنیادی مراکز صحت کو آؤٹ سورس کرنے پر احتجاج کئی روز سے جاری مریضوں کو مشکلات کو سامنا ایمرجنسی گائنی اور حفاظتی ٹیکہ جات کے شعبہ جات کھلے باقی تمام شعبے بند حکومت مطالبات تسلیم کرے جو عوام کے حق میں ہیں ملازمین کا موقف حکومت اور محکمہ صحت کی جنگ میں عام آدمی سرکاری ہسپتالوں میں رل رہا ہے عوام کو صحت کی بنیادی سہولیات بھی میسر نہیں ہیں اہل علاقہ سراپا احتجاج تفصیل کے مطابق محکمہ صحت کے ملازمین کے ہسپتالوں کو پرائیویٹ کرنے کے خلاف کئی روز سے احتجاج جاری ہے آوٹ ڈور کی بندش کی وجہ سے آنے والے مریض ذلیل وخوار ہو کر گھروں کو لوٹ رہے ہیں عملہ موجود مگر ان کا کہنا ہے حکومت سرکاری ہسپتالوں کو پرائیویٹ کر کے عام آدمی سے یہ بنیادی سہولت بھی چھین رہی ہے اور ہزاروں ملازمین کو بے روزگار بھی کیا جا رہا ہے جو کسی صورت قابل قبول نہیں جب تک حکومت عوامی مطالبہ مان نہیں لیتی ہمارا احتجاج جاری رہے گا اہل علاقہ نے شدید احتجاج کرتے ہوئے کہا محکمہ صحت اور پنجاب حکومت کی جنگ میں عام آدمی پس کر رہ گیا ہسپتال بند پڑے ہیں کوئی پوچھنے والا نہیں ہے آوٹ ڈور بند کر دیئے گئے ہیں جس سے پرائیویٹ ہسپتال اور اتائی خوب فائدہ اٹھا رہے ہیں عام آدمی کو پہلے جو برائے نام صحت کی سہولیات میسر تھیں اب وہ بھی چھین لی گئیں وزیر اعلی پنجاب مریم نواز صوبائی وزیر صحت عمران نذیر سے مطالبہ کرتے ہیں فوری طور ہسپتالوں کے آوٹ ڈور اور دیگر شعبہ جات کو بحال کروایا جائے۔

نئی تعینات اسسٹنٹ کمشنر سید محمد میثم عباس کا میجر اکرم شہید نشان حیدر پارک اور سیوریج سسٹم شاندار چوک کا دورہ

یہ سب عوامی مقامات ہیں جن کی جلد تکمیل سے شہریوں کو تفریح اور کھیلوں کے بہترین مواقع میسر ہوں گے

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم۔ ڈپٹی کمشنر سید محمد میثم عباس کا میجر اکرم شہید نشان حیدر پارک اور سیوریج سسٹم شاندار چوک کا دورہ، تعمیراتی کاموں پیش رفت، تفصیلات کے مطابق ڈی سی جہلم محمد میثم عباس نے اکرم شہید پارک اور سیوریج سسٹم شاندار چوک کے جاری تعمیراتی کام کا جائزہ لینے کیلئے دورہ کیا جہاں مصروف عمل ٹیم اور افسران نے ڈی سی جہلم کو بریفنگ دی۔ ڈی سی جہلم نے کہا کہ اکرم شہید پارک کو ایک جدید اور سہولیات سے مزین پارک بنانے کا کام تیزی سے جاری ہے عوامی مقامات ہیں جن کی جلد تکمیل سے شہریوں کو تفریح اور کھیلوں کے بہترین مواقع میسر ہوں گے۔ انہوں نے پارک کے باہر سیوریج سسٹم کے کام کو بھی جلد مکمل کرنے کی ہدایت کی۔



لیگی رہنما اسرار احمد منے خان (مرحوم) کی بیٹی ڈاکٹر ایمن فاطمہ اور داماد حسان خان کی صدر مسلم لیگ (ن) اور سابقہ وزیر اعظم پاکستان میاں محمد نواز شریف سے لندن ایون فیلڈ میں خصوصی ملاقات کر رہے ہیں

ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال اور دیگر ہیلتھ سنٹرز کا اچانک دورہ

ڈی ایس پی ٹریفک ملک احمد علی اعوان نے ڈرائیونگ لائسنسنگ برانچ کا دورہ کیا

اس موقع پر موٹر وہیکلز وایجنگ ایمینر آفیسر رانا احمد سعید، انچارج ڈرائیونگ لائسنسنگ برانچ انسپکٹر محمد پرویز، نائب انچارج میاں ناصر اقبال، سب انسپکٹر حاجی ارشاد احمد بھٹی و دیگر افسران اور ملازمین موجود تھے



تیچنو پورہ (بیورو رپورٹ) ڈی ایس پی ٹریفک ملک احمد علی اعوان نے ڈرائیونگ لائسنسنگ برانچ کا دورہ کیا اس موقع پر موٹر وہیکلز و ایجنگ ایمینر آفیسر رانا احمد سعید، انچارج ڈرائیونگ لائسنسنگ برانچ انسپکٹر محمد پرویز، نائب انچارج میاں ناصر اقبال، سب انسپکٹر حاجی ارشاد احمد بھٹی و دیگر افسران اور ملازمین موجود تھے ڈرائیونگ لائسنسنگ برانچ کے افسران وملازمین کی مستعدی وفرض شناسی خوش آئند ہے جس سے محکمہ کا وقار بلند ہونے سمیت شہریوں کے اعتماد میں بھرپور اضافہ ہوا ہے ان شاء اللہ ہم اجتماعی کاوشوں سے برانچ کے تمام امور کو مزید فعال بنا کر اعلیٰ کارکردگی کی نئی مثال رقم کریں گے ڈرائیونگ لائسنسوں کے اجراء میں میرٹ کی بالادستی اور ٹریفک کا نظام موثر بنانے کی خاطر ایڈیشنل آئی جی مرزا فاران بیگ کے اٹھائے گئے اقدامات ہمارے لئے مشعل راہ ہیں جن کی روشنی میں محکمانہ فرائض کی انجام دہی میں کوئی کسر اٹھا نہ رکھی جائے گی۔

ریٹائرمنٹ ملازمت کا حصہ ہے لیکن ایمانداری، فرض شناسی سے اپنی ڈیوٹی دینے والوں کی ہمیشہ یاد رہتی ہے: پروفیسر ڈاکٹر امان اللہ راٹھور

نئے تعینات ہونے والے پرنسپل کو مبارک باد پیش کرتے ہیں، بہت باصلاحیت اور پرجوش دِکھ رہے ہیں



گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال سے) ریٹائرمنٹ ملازمت کا حصہ ہے لیکن ایمانداری فرض شناسی سے اپنی ڈیوٹی دینے والوں کی ہمیشہ یاد رہتی ہے۔ نئے تعینات ہونے والے پرنسپل کو مبارک باد پیش کرتے ہیں، بہت باصلاحیت اور پرجوش دِکھ رہے ہیں آئیں مل کے اس صوبے اور اس ملک کے نونہالوں کو علم کے زیور سے آراستہ کریں آپ معاشرہ ساز ہیں اور کسی بھی مہذب معاشرے کی تشکیل آپ اساتذہ کے بغیر ممکن نہیں۔ ان خیالات کا اظہار ڈائریکٹر کالجز گوجرانوالہ ڈویژن پروفیسر ڈاکٹر امان اللہ راٹھور اور ڈپٹی ڈائریکٹر کالجز گوجرانوالہ پروفیسر ندیم احمد نے گورنمنٹ فقیر محمد فقیر گریجوایٹ کالج پیپلز کالونی میں پرنسپل پروفیسر ڈاکٹر محمد الیاس کے اعزاز میں استقبالیہ اور کالج کے مایہ ناز استاد پروفیسر محمد جمیل (شعبہ فزکس) کی ریٹائرمنٹ پر منعقدہ الوداعی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب میں کالج کے قائد اعظم ہال میں کیا گیا۔ تقریب میں ڈائریکٹر کالجز گوجرانوالہ ڈویژن پروفیسر ڈاکٹر امان اللہ راٹھور اور ڈپٹی ڈائریکٹر کالجز گوجرانوالہ پروفیسر ندیم احمد نے خصوصی طور پر شرکت کی۔ اور پروفیسر محمد جمیل کی خدمات کو سراہا تقریب میں سٹاف ممبران اور کالج کے سابق اساتذہ اور پرنسپل حضرات نے بھرپور شرکت کی، سٹاف سیکرٹری پروفیسر سیف الرحمن نے مہمانوں کی آمد پر ان کا شکریہ ادا کیا۔ پروفیسر شاہد محمود، پروفیسر ڈاکٹر محمد اعجاز، پروفیسر ڈاکٹر صغیر اقبال، پروفیسر اشتیاق علی، پروفیسر غلام فیاض، پروفیسر آصف محمود خان، پروفیسر لیاقت علی، پروفیسر بشارت حسنین، پروفیسر جلیل بٹ اور پروفیسر راشد علی نے مہمانوں کو خوش آمدید کہا۔ کالج کے سابق اساتذہ اور پرنسپل صاحبان پروفیسر ممتاز احمد اعوان، پروفیسر یوسف مغل، پروفیسر سلمان بشیر ناگی، پروفیسر آصف جاوید، پروفیسر ملک عبدالرشید،





پروفیسر رانا اللہ دتہ، پروفیسر ہارون الرشید، پروفیسر محمد منیر، پروفیسر منشاء گورائیہ اور پروفیسر ارشد علی اعوان نے تقریب کو یادگار قرار دیا۔ پروفیسر آصف جاوید نے اپنے تجربات کی روشنی میں اساتذہ کو مفید مشوروں سے نوازا۔ ڈائریکٹر کالجز گوجرانوالہ ڈویژن پروفیسر ڈاکٹر امان اللہ راٹھور نے ایسی تقریبات کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کالج کے علمی ماحول کو بہتر سے بہتر بنانے کی کوششوں پر زور دیا۔ مقررین نے کہا کہ استاد کبھ

DAILY QUWAT ایڈیٹوریل

quwateditorial786@gmail.com

نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

بلوچستان میں دہشت گردی

وزیراعظم شہباز شریف نے جعفر ایکسپریس سانحہ کے دو روز بعد بالآخر کوئٹہ کا دورہ کیا، زخمیوں کی عیادت کی اور ایک اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کے بعد پریس کانفرنس بھی منعقد کی۔ دہشت گردی کو مسترد کرنے اور پاک فوج کو خراج تحسین پیش کرنے کے علاوہ انہوں نے اس المناک سانحہ کے بعد قومی یک جہتی پر زور دیا اور کہا کہ تمام سیاسی قائدین کو عسکری قیادت کے ساتھ مل کر دہشت گردی کے موجودہ چیلنج کا مقابلہ کرنا چاہیے۔

اس تجویز کے بعد تاہم وزیراعظم نے یہ وضاحت نہیں کی کہ وہ یہ مقصد کیسے حاصل کرنا چاہتے ہیں۔ کیا کوئی ایسی آل پارٹیز کانفرنس بلائی جائے گی جس میں تحریک انصاف سمیت تمام سیاسی لیڈروں کو مدعو کیا جائے گا بلکہ اس کانفرنس کو حقیقی معنوں میں قومی یک جہتی اور کسی ایک نکتہ پر اتفاق رائے کی علامت بنانے کے لیے کیا حکومت عمران خان کو پیرول پر رہا کر کے اس کانفرنس میں شرکت کی دعوت دے گی؟ تاکہ حقیقی معنوں میں دہشت گردی، انتشار و فساد کے خلاف کوئی ایسا لائحہ عمل بنایا جا سکے جس پر سب لیڈر اور فوجی قیادت متفق ہو۔ البتہ وزیراعظم نے اس اہم معاملہ پر چند جملے کہنے کے بعد زیادہ وقت دہشت گردوں کو صلواتیں سنانے اور فوجی قیادت کی توصیف میں صرف کیا۔ اس لیے سوال پیدا ہوتا ہے کہ شہباز شریف جسے قومی اتحاد کہہ رہے ہیں، کیا وہ محض سیاسی چال ہے یا حکومت حقیقی معنوں میں کسی قومی اتفاق رائے کی طرف بڑھنے کا ارادہ رکھتی ہے۔

کوئٹہ سے پشاور جانے والی گاڑی پر حملہ اور اس کے مسافروں کو 36 گھنٹے تک یرغمال بنائے رکھنے کا واقعہ پوری قوم کو جھنجھوڑنے کے لیے کافی تھا۔ اس کے بعد قومی اسمبلی میں اس بارے میں سرکاری بیان جمع کرایا جا سکتا تھا اور ان وجوہات پر روشنی ڈالی جا سکتی تھی جن کی وجہ سے یہ سانحہ رونما ہوا۔ اور ایسے رہنما اصول بیان کیے جاتے جن کی بنیاد پر حکومت مستقبل میں ایسے کسی سانحہ کی روک تھام کا ارادہ رکھتی ہے۔ تاہم دیکھا جا سکتا ہے کہ وزیر داخلہ جو درحقیقت اس ساری صورت حال میں بنیادی ذمہ داری کے حامل تھے، اس موقع پر قومی اسمبلی میں تشریف ہی نہیں لائے۔ البتہ اپوزیشن لیڈر عمر ایوب نے اس موضوع پر بات کرتے ہوئے اسے انٹیلی جنس کی ناکامی قرار دیا۔ اور حکومت کی نااہلی سے معنون کیا۔ دوسری طرف تحریک انصاف کی تنقید کو مسترد کرتے ہوئے وزیر دفاع خواجہ آصف نے تحریک انصاف کے بیانات کو بھارتی میڈیا سے مماثل قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ تحریک انصاف اس معاملہ کو سیاسی مقاصد کے لیے استعمال کرنا چاہتی ہے۔ پوری دنیا اس موقع پر پاکستان کے ساتھ کھڑی ہے لیکن صرف تحریک انصاف مخالفت کر رہی ہے۔ یہ وقت ملک کے پچیس کروڑ لوگوں کی سلامتی اور حفاظت پر غور کرنے کا تقاضا کرتا ہے لیکن تحریک انصاف کا سوشل میڈیا اس وقوعہ کو پریشان کن طریقے سے پیش کر رہا ہے۔

ایسے ماحول میں جب پارلیمنٹ میں اپوزیشن اور حکومتی نمائندے ایک دوسرے کی نیک نیتی پر سوال اٹھا رہے ہیں، وزیراعظم نے تمام سیاسی لیڈروں اور عسکری قیادت کے درمیان ملاقات کا عندیہ دیا ہے۔ یا شاید یہ کسی نوعیت کی آل پارٹیز کانفرنس بلانے کا ارادہ ہو جس میں دہشت گردی کے خلاف متفقہ فیصلہ کرنے پر اتفاق کیا جائے۔ اس معاملہ میں تاہم مزید تفصیلات سامنے نہیں آسکی ہیں، اس لیے سوال پیدا ہوتا ہے کہ کیا وزیراعظم بھی اس موقع سے فائدہ اٹھا کر سیاسی چال چلنے اور کوئی ایسا بیانیہ بنانے کی کوشش تو نہیں کر رہے جس کے ذریعے اس سانحہ کو حکومت پر اعتماد بحال کرنے کا ذریعہ بنایا جا سکے۔ یہ شبہ اس لیے بھی پیدا ہوتا ہے کہ حکومتی نمائندے عام طور سے تحریک انصاف کے بارے میں کسی خوش گمانی کا مظاہرہ نہیں کرتے اور نہ ہی تحریک انصاف کسی ایسے معاملہ میں کوئی نرمی دکھانے یا قومی مقصد کی خاطر متوازن اور ذمہ دارانہ رویہ اختیار کرنے کی ضرورت محسوس کرتی ہے۔

جعفر ایکسپریس پر حملہ نا گہانی، افسوسناک اور حیرت انگیز تھا۔ انتہائی دشوار گزار پہاڑی علاقوں میں کوئٹہ سے پشاور جانے والی ٹرین کو دھماکے سے روکا گیا۔ پھر بندوقوں کے زور پر مسافروں کو ٹرین سے اتار کر خودکش بمبار حملہ آوروں کے ساتھ بٹھا دیا گیا تاکہ کوئی بھی بھاگنے کی کوشش نہ کرے۔ متعدد ذرائع اس بارے میں انٹیلی جنس کی ناکامی کے بارے میں سوال اٹھا رہے ہیں۔ یہی سوال بجا طور سے عمر ایوب نے بھی قومی اسمبلی میں اٹھایا ہے لیکن جیسے ڈاکٹر کے نشتر اور ڈاکو کے خنجر میں فرق ہوتا ہے، ویسے ہی قومی ہمدردی سے اٹھائے جانے والے سوال اور سیاسی مقاصد سے حکومت کو مطعون کرنے کے لیے الفاظ کے چناؤ میں بھی فرق ہوتا ہے۔ سوشل میڈیا پر تحریک انصاف کے ہمدردوں کی طرف سے اس واقعہ کو ریاست پاکستان کی ناکامی سے محمول کرتے ہوئے حکومت کو اس کا ذمہ دار قرار دینے کی کوشش کی گئی ہے۔ لیکن اس تنقید کا براہ راست نشانہ سیکورٹی فورسز کو بنایا گیا ہے جن کے بارے میں تحریک انصاف کا خیال ہے کہ وہ موجودہ حکومت کی سرپرست ہیں اور تحریک انصاف کے ساتھ نرم رویہ اختیار کرنے پر آمادہ نہیں ہیں۔

بلوچستان میں ٹرین پر ہونے والے حملے اور مسافروں کو یرغمال بنانے کے لیے طویل منصوبہ بندی، مہارت اور تفصیلی خاکہ تیار کرنے کی ضرورت تھی۔ یہ کام کسی اچانک سوچ کا نتیجہ نہیں ہو سکتا تھا۔ بلکہ دہشت گردوں نے بہت سوچ سمجھ کر اس کی پلاننگ کی اور اپنا بیانیہ عام کرنے کے لیے اس حملہ کو موثر طریقے سے استعمال کرنے کی کوشش کی۔ بھارتی میڈیا نے اس بارے میں بھرپور طریقے سے ان کا ساتھ دیا۔ یہ خبریں سامنے آچکی ہیں کہ فوج کا آپریشن شروع ہونے سے پہلے جب تک دہشت گرد ٹرین اور مسافروں کو اپنی گرفت میں لیے ہوئے تھے، وہ نہ صرف افغانستان میں اپنے منصوبہ سازوں سے ہدایات لے رہے تھے بلکہ بھارتی میڈیا کو بھی وقوعہ سے براہ راست فوٹیج اور خبریں ارسال کی جا رہی تھیں۔ آئی ایس پی آر کے سربراہ نے پہلے ٹی وی انٹرویو میں اور اب ایک پریس کانفرنس میں واضح کیا ہے کہ اس دوران بھارتی میڈیا جعلی تصاویر اور مصنوعی ذہانت سے تیار کیے ہوئے خاکوں و نقشوں کی مدد سے صورت حال کی یک طرفہ تصویر دکھانے میں مصروف رہا۔ اس واقعہ کو پاکستان کے ساتھ دشمنی نکالنے کے موقع کے طور پر استعمال کیا گیا۔ حالانکہ ایک ذمہ دار ہمسایہ کے طور پر نئی دہلی حکومت کو دہشت گردی کا شکار ہونے پر پاکستان کے ساتھ ہمدردی کا اظہار کرنا چاہیے تھا۔ بھارت عام طور سے پوری دنیا میں پاکستان کے خلاف دہشت گردی کی سرپرستی کا الزام لگانے اور خود کو معصوم ثابت کرنے کی کوشش کرتا رہتا ہے۔ تاہم اس موقع پر جھوٹی خبریں پھیلا کر اور پاکستان میں معصوم مسافروں کو تشدد و دہشت کا نشانہ بنانے والوں کا پروپیگنڈا عام کر کے بھارتی حکومت و میڈیا نے واضح کیا ہے کہ اسے دہشت گردی سے زیادہ پاکستان کو نقصان پہنچانے اور کسی بھی طرح وطن عزیز میں انتشار پیدا کرنے سے غرض ہے۔ کیوں کہ اس سے اس کے سیاسی و اسٹریٹیجک مفادات پورے ہوتے ہیں۔

اسی حوالے سے اگر پاکستانی انٹیلی جنس نظام کی ناکامی پر سوال اٹھایا جا سکتا ہے تو اس حقیقت سے بھی انکار نہیں کیا جا سکتا کہ پاک فوج نے انتہائی مہارت اور دلیری سے نہایت مختصر وقت میں سینکڑوں مسافروں کو رہا کرایا۔ ایک طرف دہشت گردوں کو ہلاک کیا گیا تو دوسری طرف یہ کوشش کی گئی کہ کسی مسافر اور عام شہری کو کوئی نقصان نہ پہنچے۔ پاک فوج اس مقصد میں بڑی حد تک کامیاب ہوئی ہے۔ یہ آپریشن دہشت گردی اور گوریلا جنگ جوئی کا مقابلہ کرنے کی تاریخ میں یادگار اور مثالی مہارت کے ثبوت کے طور پر یاد رکھا جائے گا۔ اس کامیابی پر پاک فوج اور اس مشکل آپریشن میں شریک ہونے والے افسر اور جوان بلاشبہ پوری قوم کی تحسین کے حق دار ہیں۔ اس دہشت گردی کے بارے میں قبل از وقت معلومات فراہم نہ ہونے کا شبہ یا موجودہ حکومت کی سیاسی و منتخب حیثیت کے بارے میں سوالات، پاک فوج کی اس دلیری، جان بازی اور کامیابی کو دھندلا نہیں سکتے۔ دوست و دشمن کو یکساں طور سے اس کا اعتراف کرنا چاہیے۔ پاک فوج نے بلاشبہ قوم کو یقین دلایا ہے کہ مشکل ترین حالات میں بھی وہ شہریوں کی حفاظت کا فرض ادا کرنے کے لیے تیار رہتی ہے۔

سیاسی پارٹیوں کو بھی حکومت کی نااہلی پر سوال اٹھاتے ہوئے یہ دھیان میں رکھنا چاہیے کہ ان نوجوان افسروں اور جوانوں کے حوصلے اور جاں بازی کو فراموش نہ کریں جو جان ہتھیلی پر رکھ کر شوار گزار پہاڑی علاقوں میں اغوا کیے گئے سینکڑوں مسافروں کو بازیاب کرانے کے لیے پہنچے اور اس میں شاندار کامیابی حاصل کی۔ کسی بھی سانحہ کے بعد جائز سوال اٹھانا اور ان کے جواب تلاش کرنا بے حد اہم ہوتا ہے۔ پاک فوج اور حکومت نے اگرچہ اس واقعہ کی ذمہ داری افغانستان اور بھارت پر عائد کی ہے لیکن دہشت گردی کا ایک پیچیدہ منصوبہ محض بیرون ملک تربیت یا مالی و عسکری مدد سے پایہ تکمیل تک نہیں پہنچ سکتا۔ بلکہ اس کی کامیابی کے لیے ملک کے اندر موجود دہشت گرد نیٹ ورک اور اس کے سہولت کاروں کا کردار بھی اہم ہوتا ہے۔ جعفر ایکسپریس کے سانحہ کے بعد اب اس نیٹ ورک کو توڑنا اور مستقبل میں ایسے کسی خطرناک حملہ کی روک تھام کے لیے کام کرنا اہم ہے۔ اسی لیے اس واقعہ کی وجوہات کے بارے میں اٹھائے گئے جائز سوالات کو ملک دشمنی قرار دینے کی بجائے، مبنی بر حقیقت نشاندہی سمجھنا چاہیے۔

اس حوالے سے اس حقیقت کو بھی نظر انداز نہیں کیا جا سکتا کہ ہفتہ عشرہ پہلے پاکستانی فورسز نے امریکی انٹیلی جنس معلومات کی بنیاد پر بلوچستان سے ہی ایک خطرناک دہشت گرد شریف اللہ کو گرفتار کر کے امریکہ کے حوالے کیا تھا۔ اس گرفتاری کے دس دن بعد جعفر ایکسپریس کا سانحہ یہ سوال اٹھاتا ہے کہ کیا کسی دہشت گرد گروہ نے پاکستانی شہریوں اور فوج کو اس کی سزا دینے کی کوشش کی ہے؟ اس کے ساتھ ہی یہ سوال بھی اہم ہے کہ اگر امریکی انٹیلی جنس اپنے فوجیوں کی ہلاکت میں ملوث ایک دہشت گرد کی نشاندہی کے لیے موثر طریقے سے سراغ رسانی کے ذرائع استعمال کر سکتی ہے تو کیا وجہ ہے کہ وہ یہی سہولت پاکستان میں ہونے والے ایک سنگین وقوعہ کے بارے میں قبل از وقت معلومات فراہم کرنے کے لیے فراہم نہیں کر پائی۔ پاکستان کو امریکہ کے ساتھ دہشت گردی کے حوالے سے تعاون کرتے ہوئے ملک کے اندر سرگرم دہشت گرد گروہوں کے بارے میں نگرانی اور معلومات کے تبادلے کی یقین دہانی حاصل کرنی چاہیے۔

قیصر عباس: جن سے نہ ملنے کے باوجود، ملنے کی خواہش برقرار رہی

قیصر نقی امام

بزرگوں کا یہ قول نہ جانے کتنی بار نظروں سے گزرا ہوگا کہ آدمی اپنی محفل سے پہچانا جاتا ہے۔ آج اتفاق سے ایک ایسی ہی شخصیت مقابل تھی جس سے، اس سے قبل کبھی ملاقات نہیں ہوئی تھی مگر وہ جس محفل سے متعلق رہے تھے، اس سے بالواسطہ اور بلاواسطہ ضرور شناسائی رہی تھی اور شاید یہی وجہ تھی کہ اس وقت اُن سے ملتے ہوئے اجنبیت کا احساس قطعی نہیں تھا۔ ہاں! شعوری اور لاشعوری طور پر ذہن میں یہ خیال بار بار سر اٹھا رہا تھا کہ آج کے بعد کیا پتہ، پھر کب ملاقات ہو، سو دل یہی کہتا تھا کہ اس موقع سے فائدہ اٹھاتے ہوئے جتنی بھی خوش گوار یادیں اور باتیں سمیٹ لی جائیں، کم ہے۔

گفتگو کو زیادہ نفع بخش اور معنی خیز بنانے کا داناؤں نے ایک (کارآمد) اصول یہ بھی بتایا ہے کہ سننے کو ترجیح دی جائے اور خود (زیادہ) بولنے پر اصرار نہ کیا جائے۔ اس صورت میں، دوران گفتگو پڑے کا جھکاؤ خود بہ خود وصولی کی طرف مائل رہتا ہے۔ ہمہ تن گوش کی تشریح بھی شاید کچھ ایسی ہو، سو آج اس ملاقات کے لئے بھی یہی اصول طے ہے۔

ایک ایسی شخصیت جس نے بیرون ملک علمی، تدریسی اور تخلیقی میدان میں نہایت فعال کردار ادا کیا ہو، اُس سے گفتگو کی ابتدا، ظاہر ہے وطن سے ہجرت کے سوا اور کیا ہو سکتی تھی

" کہتے ہیں نقل مکانی کرنے والے لوگ دو دنیاؤں میں زندگی بسر کرتے ہیں سرزمین وطن جہاں انھوں نے جنم لیا پرورش پائی اور نئی سرزمین جہاں انھوں نے سکونت اختیار کی۔ بہتر زندگی کی تلاش میں نکلے ان بنجاروں کی شخصیت بھی دو دنیاؤں میں بٹی رہتی ہے لیکن ان کی فکر و احساس کے دھارے اور ان کی یادوں کے سب درپچے پہلی دنیا میں ہی کھلتے ہیں۔

میرا تعلق بھی اسی نسل سے ہے۔ زندگی کا آدھا سفر طے ہوا، شادی ہوئی تو اپنی ہم سفر کے ساتھ امریکہ آ گیا۔ میری ہم سفر صالحہ زندگی کے ہر موڑ پر گزشتہ چالیس سالوں سے میرے ہم قدم ہیں۔ امریکہ آ کر ہم دونوں نے پی ایچ ڈی کی۔ امریکہ کی کئی یونیورسٹیوں میں پڑھایا۔ انتظامیہ کا حصہ رہا۔ غم دوراں کے نشیب و فراز اور دو بیٹوں کی تربیت کے بعد ادھر اُدھر نظر دوڑائی تو معلوم ہوا کہ زندگی کا بیشتر سفر تو طے بھی ہو چکا۔"

اس طویل سفر سے پہلے بھی، ایک مختصر سفر اندرون ملک کا بھی ان کے حصے میں آیا۔ یہ سفر حصول تعلیم کے لئے راولپنڈی سے لاہور جانے کا تھا، یہ ارادہ انھوں نے کیوں باندھا، یہ جاننا بھی ضروری تھا۔

"ستر کی دہائی میں ہم کچھ دوستوں نے گورنمنٹ کالج اصغر مال راولپنڈی سے بی اے کے بعد پنجاب یونیورسٹی جانے کا فیصلہ کیا۔ میں نے شعبہ صحافت میں داخلے کی درخواست داخل کروائی اور اس طرح پنجاب کا صدر مقام لاہور، ہماری زندگی کا صدر مقام بھی ٹھہرا۔ یہاں کئی اساتذہ درس و تدریس میں مصروف تھے اور سب ہی اپنی اپنی جگہ ایک الگ مقام رکھتے تھے۔ صدر شعبہ ڈاکٹر عبدالسلام خورشید سنیارٹی کے لحاظ سے بہت رعب و دبدبہ رکھتے تھے اور اپنے لیکچر کی باقاعدہ تیاری کر کے آتے تھے۔ ان کا ایک منفرد انداز یہ تھا کہ لیکچر نوٹس کاغذ کی بجائے گرینٹنگ کارڈ یا عید کارڈ پر لکھ کر لاتے۔ گرینٹنگ کارڈ کا یہ استعمال بعد میں ہمارے خوب کام آیا۔ اگرچہ یہ علمی مقاصد کے لئے نہیں کچھ ذاتی مشاغل کے لئے تھا۔"

ہر طالب علم کی زندگی میں بعض اساتذہ شخصیت سازی کے اعتبار سے غیر معمولی اثرات مرتب کرتے ہیں۔ کہتے ہیں زندگی میں صرف دو لوگ ایسے ہوتے ہیں جو اپنی تخلیق کو خود سے آگے نکلتا دیکھ کر خوش ہوتے ہیں۔ ایک باپ اور دوسرا استاد۔ اسی لئے اس بات میں کسی اختلاف کی گنجائش نہیں کہ خوش قسمتی سے ملنے والی یہی وہ رہنمائی ہے جو شاگرد کے لئے ساری زندگی کا زادہ راہ بن جاتی ہے۔ یہاں سوال سادہ سا ہے کہ انھیں ملنے والی اس خوش قسمتی کو کس نام سے پکارا جائے۔

" پروفیسر مہدی حسن جو ہمارے لئے اب سر مہدی تھے، اسی زمانے میں شعبے میں نئے آئے تھے۔ سنا تھا کہ شعبے نے اُن کی ملازمت ختم کر دی تھی اور وہ عدالتی فیصلے کے ذریعے دوبارہ اس عہدے پر بحال کر دیے گئے تھے۔ وہ معلم سے زیادہ ہمارے دوست تھے لیکن کلاس میں سخت ترین استاد تھے، بلکہ امتحانات میں ہمیں دوسروں سے کم نمبر ملتے جس کی ہمیں اُن سے ہمیشہ شکایت رہتی۔ میں کلاس میں ضرورت سے زیادہ شرارتی تھا، کلاس میں اکثر ان کے عتاب کا شکار میں ہی رہتا تھا اور کئی بار کلاس سے باہر جانے کا حکم میرے لئے ہی صادر ہوا۔

میں نے سر مہدی ہی کی نگرانی میں ایم اے کا تحقیقی مقالہ تحریر کیا تھا مشرقی پاکستان کی علیحدگی کے بعد اخبارات کی رپورٹنگ پر تھا۔ بلا کی یادداشت تھی سر مہدی کی۔ تمام شاگردوں کا نام اور حالات انھیں ازبر ہوتے۔ جنوری 2008 میں میرے مجموعہ کلام کی تقریب اجرا لاہور میں رکھی گئی تھی جس میں انھوں نے تقریر کرتے ہوئے مجھے نصیحت کی کہ واپس آ کر وطن کی خدمت کروں۔ یہ ان سے دو بدو ملاقات کا آخری موقع تھا اور میں انھیں یہ نہیں بتا سکا کہ تمام تر کوششوں کے باوجود میں کیوں وطن واپس نہیں جا سکا۔"

وہ ہونہار شاگرد جو اپنے استاد کے نقش قدم پر چل کر علم و آگہی کے نئے چراغ روشن کرتا رہا، وہ بلاشبہ سرخرو ہے کہ دو دنیاؤں کا باسی ہوتے ہوئے، اُس نے اپنے فکر و احساس کے دھارے سے وطن اور وطن سے محبت کو کبھی جدا نہ ہونے دیا۔ دیار غیر میں بھی اپنی نمایاں علمی، سماجی اور تخلیقی خدمات سے دنیا بھر کے دانشوروں کے سامنے وطن کے نام میں چار چاند لگائے۔ بنجارہ بن کے جہاں میں وارننگ والے انداز میں احسان کرتے ہوئے کہیں کہ مجھے چار شادیوں کا حق تو ضرور ہے لیکن فی الحال میں ان کے ساتھ رہنے پر اکتفا کروں گا۔

کیا یہ اظہار کا مہذب طریقہ ہے؟

مطلب اگر آپ سلیبریٹی ہیں تو اس کا یہ مطلب تھوڑے ہے کہ جو جی میں آئے کہتے پھریں؟

یہ "فی الحال" طرز کی کیسی محبت ہے جسے آپ آن ائر رسوا کر رہے ہیں اور دھمکی والے انداز میں خدائی پیغام بھی سنا رہے ہیں۔

یہ پدرسری سماج کے گھٹیا اور منافقانہ پیمانے ہیں، مرد ہونے کی آڑ میں اپنی جنسی خواہشات کی تکمیل تو مکمل آزادی کے ساتھ انجوائے کرنا چاہتے ہیں لیکن بات جب خواتین کی آتی ہے تو ایک دم سے ان کی غیرت جاگ جاتی ہے۔

میرے پاس فی الحال تم ہو۔

عبدالستار (میاں چنوں)

ہمارے ہاں رمضان ٹرانسمشن ایک طرح سے ریاکاری، نمائش اور منافقت کا ذریعہ بنی ہوئی ہے، جس میں بظاہر نیک بن کر وعظ و نصیحت کرنے کی باقاعدہ اداکاری کی جاتی ہے، شوبز سے جڑی شخصیات کو مذہبی پہناوا کے ساتھ اینکر بنا دیا جاتا ہے تاکہ وہ اپنے گناہوں کا کفارہ ادا کر لیں۔

حال ہی میں رمضان ٹرانسمشن کے ایک پروگرام میں معروف اداکار دانش تیمور جس میں انہی کی اہلیہ عائزہ خان مہمان تھیں میں دانش نے ایک زبردست انکشاف کرتے ہوئے کہا

"مجھے چار شادیوں کی اجازت ہے، یہ اجازت انہیں قادر مطلق نے دے رکھی ہے جسے اس سے کوئی نہیں چھین سکتا، لیکن وہ محبت اور عزت کی بنیاد پر فی الحال عائزہ کے ساتھ رہنا چاہتا ہے"

کیا فی الحال والا بھی کوئی سمبندھ ہوتا ہے؟

اب اسے دوسری شادی کا خبط کہیں یا احساس برتری کے کھوکھلے کمپلیکس کا گھٹیا ترین اظہار، اپنے اختیار کا اس قدر ڈھٹائی سے اظہار کرنا کہ جس خاتون کے ساتھ آپ کے دن رات بیت رہے ہوں اس کے متعلق اس قدر تذلیل پر مبنی رویہ اختیار کرنا محض اس لیے کہ وہ خاتون ہے کھلا تضاد نہیں؟

بھلے آپ کو قدرت نے یہ اختیار دے رکھا ہے لیکن اس کا مطلب ہرگز یہ نہیں کہ آپ آن ائر وہ بھی اپنی شریک حیات کی موجودگی

دن کو تارے رات کو ستارے

ایک وقت تھا کہ لاہور فضائی آلودگی کے حوالہ سے دنیا میں پہلے نمبر پر تھا اور یہ صورتحال ملک بھر میں تھی شہری بیمار ہو رہے تھے اور کوئی پرسان حال نہ تھا کہ ایسی خطرناک صورتحال کو دیکھتے ہوئے لاہور ہائیکورٹ میدان میں آئی اور پھر باقی کے محکمے بھی تیز ہو گئے خاص کر محکمہ ماحولیات پنجاب نے اس حوالہ سے بہت کام کیا اس محکمہ کے سربراہ راجہ جہانگیر انور ہیں جنہوں نے بطور ڈی جی پی آر شہرت پائی اور سخت سے سخت کام کو بھی انتہائی آسانی سے سرانجام دیا ملنسار اور انتہائی اخلاق والے راجہ جہانگیر انور نے صوبہ کو فضائی آلودگی سے پاک کرنے کا مشن اٹھایا تو وہ اس میں بھی کامیاب ہو گئے اور پھر عدالت عالیہ میں ماحولیاتی آلودگی اور اسموگ کے خلاف جو کیسز چل رہے تھے ان پر دوران سماعت جسٹس شاہد کریم نے ریمارکس دیئے کہ بڑے عرصے بعد لاہور میں ایسا موسم دیکھ رہا ہوں کہ رات کو ستارے نظر آ رہے ہیں سب کو شاباش یہ آپ سب کی محنت کا ثمر ہے۔ یہاں تک تو بات ٹھیک ہے بلکہ بلکل ٹھیک ہے کیونکہ ہمارے ہاں رات کو ستارے نظر آنا بند ہو چکے تھے لیکن ہماری حکومتوں نے عوام کو دن کے وقت تارے دکھائے ہوئے تھے اور ہر بندہ اس مشکل ترین صورتحال میں پریشان ہے بعض اوقات تو ایسا لگتا ہے کہ ہم لوگ خوشیوں سے بہت دور ہیں 20 مارچ خوشیوں کا عالمی دن تھا اور اس حوالہ سے ایک رپورٹ بھی جاری کی گئی اس رپورٹ کے مطابق یورپی ملک فن لینڈ مسلسل 8 ویں بار دنیا کا سب سے خوش ترین ملک قرار پایا ہے جبکہ فہرست میں پاکستان ایک درجہ تنزلی کے ساتھ 109 ویں نمبر پر براجمان ہے خوشی کا عالمی دن ہر سال 20 مارچ کو منایا جاتا ہے اس موقع پر اقوام متحدہ کے تعاون سے دنیا کے خوش ترین ممالک کی فہرست جاری کی جاتی ہے۔ اس فہرست میں پاکستان سمیت 147 ممالک میں کو شامل کیا گیا ہے اس فہرست کی تیاری کے لیے 140 سے زائد ممالک کے افراد سے 2022 سے 2024 کے دوران ہونے والے عالمی سروے کے ڈیٹا کا تجزیہ کیا جاتا ہے ممالک کی درجہ بندی کے لیے فی کس آمدنی، متوقع زندگی، سماجی مدد، آزادی، سخاوت اور کرپشن جیسے عوامل کو مدنظر رکھا جاتا ہے دنیا کے 10 خوش ترین ممالک کی فہرست میں 1. فن لینڈ، 2. ڈنمارک، 3. آئس لینڈ، 4. سویڈن، 5. نیدرلینڈز، 6. کوسٹا ریکا، 7. ناروے، 8. اسرائیل، 9. لکسمبرگ، 10. میکسیکو شامل ہیں اس کے مقابلے میں دنیا میں سب سے ناخوش ملک افغانستان رہا جو 147 ویں نمبر پر موجود ہے۔ جس کے بعد سیرالیو 146 ویں نمبر کے ساتھ دوسرے، لبنان 145 ویں نمبر کے ساتھ تیسرے، مالاوی 144 ویں نمبر کے ساتھ چوتھے جب کہ زمبابوے 143 ویں نمبر کے ساتھ 5 واں ناخوش ملک قرار پایا شکر ہے کہ ہم اس لسٹ میں آخر پر نہیں ہیں ہم دنیا میں خوش ترین ممالک میں 109 نمبر پر ہیں اسی لیے تو ہمیں رات کو کم دن کے وقت زیادہ تارے نظر



میری بات

روہیل اکبر

www.facebook.com/Rohailakbar

E-mail: rohailakbar@gmail.com

آتے ہیں ہم اس وقت موسمیاتی تبدیلیوں سے بھی گذر رہے ہیں اور ملک میں پانی کا بحران بھی شدت اختیار کرنے لگا جس کے سبب خریف اور ربیع سیزن میں پانی کی قلت 51 فیصد تک پہنچ گئی خریف سیزن میں پانی کی دستیابی کے تخمینوں اور صوبوں کے درمیان اس پانی کی تقسیم کے لیے ارسا کے مطابق اس وقت پانی کی قلت 51 فیصد تک پہنچ چکی ہے اور تربیلا ڈیم ڈیڈ لیول پر ہے صوبوں کو پانی ان کی ضرورت سے آدھا فراہم کیا جا رہا ہے بات شروع ہوئی تھی فضائی آلودگی سے جبکہ تعلق موسمیات سے ہے اور 23 مارچ کو موسمیات کا عالمی دن ہے اور ہمیں موسمیاتی تبدیلیوں سے نمٹنے کیلئے فوری اقدامات کی ضرورت ہے پاکستان کو اس سلسلے میں عالمی شراکت داروں اور اقوام متحدہ کا تعاون چاہیے اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی نے 2022 میں گلیشیرز سے متعلق قرارداد منظور کی جس میں پاکستان کے لیے موسمیاتی تبدیلی اور آبادی 2 اہم ترین مسائل قرار دیئے گئے اور گلیشیرز کے تحفظ کو قومی پالیسی میں مرکزی حیثیت دینے پر زور دیا گیا گلیشیرز تیزی سے پگھل رہے ہیں لاہور میں دھند سے معاشی سرگرمیاں متاثر ہوتی ہیں پاکستان میں تین ہزار سے زائد گلیشیائی جھیلیں ہیں جن میں سے 33 انتہائی خطرناک ہیں جب کہ 70 لاکھ سے زائد افراد گلیشیائی جھیلوں کے ممکنہ پھٹنے کے خطرے سے دوچار ہیں اسکے ساتھ ساتھ سیلاب سمیت موسمیاتی آفات کے بڑھتے واقعات تشویشناک ہیں پاکستان میں 2022 کے تباہ کن سیلاب اور بڑھتی آلودگی خطرے سے بہت نقصان ہوا قومی سطح پر موسمیاتی حکمت عملی کا فریم ورک موجود ہے مگر اس پر عملدرآمد بڑا چیلنج ہے اس وقت موسمیاتی تبدیلی اور بڑھتی آبادی ملک کیلئے بڑے خطرات ہیں موسم سرما میں کم بارشیں ہونا بڑے خطرے کی طرف اشارہ ہے اسی حوالہ سے سپریم کورٹ میں موسمیاتی تبدیلی اتھارٹی کے قیام سے متعلق کیس زیر سماعت ہے جس میں جسٹس جمال مندوخیل نے ریمارکس دیئے ہیں کہ موسمیاتی تبدیلی سنگین مسئلہ ہے اور حکومت کو چیتے کی رفتار سے چلنا چاہیے لیکن وہ کچھوے کی چال چل رہی ہے ایڈیشنل اٹارنی جنرل نے عدالت میں کہا کہ چیئرمین کی تعیناتی کے لیے تیسری مرتبہ اشتہار دیا گیا ہے اس پر جسٹس مندوخیل نے سوال کیا پہلے 2 مرتبہ اشتہار دینے کا فائدہ کیوں نہیں ہوا؟ ایڈیشنل اٹارنی جنرل نے جواب دیا شارٹ لسٹ 3 ناموں میں سے پہلے نمبر والے امیدوار کی دہری شہریت نکلی حکومتی پالیسی ہے اعلیٰ عہدے پر دوہری شہریت والا شخص نہیں لگایا جائیگا۔ جسٹس مندوخیل نے ریمارکس دیئے جس اعلیٰ معیار کا بندہ آپ ڈھونڈ رہے ہیں اس کے لیے کچھ تو کمپرومائز کرنا پڑے گا اصل مسئلہ صوبوں کا ہے وہاں اتھارٹی کام کیسے کرے گی؟ ایڈیشنل اٹارنی جنرل نے جواب دیا صوبوں سے اتھارٹی کے ممبران تعینات ہو چکے ہیں جس پر جسٹس مندوخیل نے کہا کہ صوبوں میں ماحولیاتی تحفظ ایجنسی کے سربراہ کیسے لگتے سب کو علم ہے۔ جسٹس امین الدین نے کہا کے پی سے فیصل امین کو ممبر موسمیاتی تبدیلی نامزد کیا گیا جو وزیراعلیٰ کے بھائی ہیں بلوچستان سے یونیورسٹی کے وائس چانسلر کو ممبر بنایا گیا ہے جسٹس مندوخیل نے ریمارکس دیے بلوچستان کے رکن کو جانتا ہوں ان کی اس شعبہ میں کوئی مہارت نہیں ہے پنجاب اور سندھ سے بیوروکریٹس کو ممبر نامزد کیا گیا ہے 2017 میں قانون بنا اب تک نہ چیئرمین مقرر ہوا نہ رولز بن سکے اس موقع پر وکیل درخواست گزار میاں سمیع نے کہا کہ خالصتا پاکستانی ماہر کا ملنا مشکل نظر آرہا ہے، 2017 سے موسمیاتی تبدیلی اتھارٹی غیر فعال ہے۔ بعد ازاں آئینی بینچ نے کیس کی مزید سماعت ایک ماہ کے لیے ملتوی کر دی

اندر کا انسان

تحریر: سید خالد جاوید بخاری

اندر کا انسان" دراصل وہ باطنی حقیقت ہے جو صرف جسمانی وجود تک محدود نہیں ہوتی بلکہ روح، ضمیر، احساس، اخلاق، شعور اور محبت کے امتزاج سے مکمل ہوتی ہے۔ ذیل میں اس سوال کے مختلف پہلوؤں پر تفصیل سے روشنی ڈالتا ہوں: 1. اندر کا انسان کیا ہے؟

اندر کا انسان اُس اصلی ذات کا نام ہے جو دکھاوے، خودغرضی، نفرت، حرص اور تعصب سے پاک ہو۔ یہ وہ "ضمیر" ہے جو اچھائی اور برائی کے بیچ تمیز کرتا ہے، اور جو سچائی، ہمدردی اور انصاف کے اصولوں پر زندہ رہنے کو ترجیح دیتا ہے۔ 2. اندر کا انسان کیسے ڈھونڈا جاتا ہے؟ اندر کا انسان:

خود شناسی (Self-awareness) سے ملتا ہے۔

تحمل و تفکر (Contemplation) سے اُبھر کر سامنے آتا ہے۔ سچ بولنے اور سننے کی عادت سے ظاہر ہوتا ہے۔ نفس کی پاکیزگی، یعنی "تزکیۂ نفس" سے نکھرتا ہے۔

مصیبتوں، تنہائی، اور آزمائش میں اصل چہرہ دکھاتا ہے۔ جب انسان دنیا کے شور سے ہٹ کر خود کے اندر جھانکتا ہے، تب وہ اپنے اندر کا انسان دیکھتا ہے۔ جیسے ایک آئینہ دھندلا ہو تو عکس صاف نہیں دکھاتا، ویسے ہی جب تک دل حسد، لالچ، غرور اور جھوٹ سے پاک نہ ہو، اندر کا انسان چھپا رہتا ہے۔



3. کس کو ملتا ہے اور کس کو نہیں ملتا؟

وہ انسان جو سچ کے متل





ہمارا IPL سے کوئی تعلق نہیں، مکمل فوکس PSL پر ہے، کامران غلام

میں کسی کو کاپی نہیں کرتا، شروع سے اسی انداز میں کھیل رہا ہوں، بیٹر ملتان سلطانز



کراچی (سپورٹس ڈیسک) ملتان سلطانز کے بیٹر کامران غلام نے کہا ہے کہ آئی پی ایل سے کوئی تعلق نہیں، ہمارا فوکس پی ایس ایل پر ہے۔ میڈیا سے گفتگو میں کامران غلام نے کہا کہ پاکستان سپر لیگ کے لیے مکمل طور پر تیار اور پرجوش ہیں، ٹیم کا مورال بلند ہے اور کھلاڑیوں کی نظریں فائنل تک رسائی پر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہی سوچ ہے کہ ٹاپ اسکورر بن کر ٹیم کی جیت میں اہم کردار ادا کریں۔ کامران غلام نے کہا کہ جو کرتا، شروع سے اسی انداز میں کھیل رہا ہوں۔ اسے انٹرنیشنل لیول پر کھیلنے میں زیادہ مشکلات پیش نہیں آتیں۔ ان کا کہنا تھا کہ پی ایس ایل ایک بڑا ایونٹ ہے، جس کا کراؤڈ بھی خاص ہوتا ہے اور شائقین بے تابی سے اس کے منتظر ہوتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بحیثیت بیٹر ہمیشہ کوشش رہتی ہے کہ پی ایس ایل میں بہتر کھیل پیش کیا جائے اور ٹیم کو فائنل تک پہنچایا جائے، ہر ٹیم کا الگ ماحول ہوتا ہے اور ہر فرنچائز کا اپنا انداز ہے۔ انہوں نے کہا کہ میں کسی کو کاپی نہیں کرتا، شروع سے اسی انداز میں کھیل رہا ہوں۔

بابر اعظم جب تک میچ نہیں جتوائیں گے کچھ بھی نہیں ہیں، توصیف احمد

کسی نئے لڑکے میں بھی یہ خواہش نظر نہیں آئی کہ میں ٹیم میں آگیا ہوں کچھ کردوں، انٹرویو



کراچی (این این آئی) سابق کرکٹر توصیف احمد نے کہا ہے کہ بابر اعظم کو کب تک اہم پلیئر کہتے رہیں گے، جب تک آپ میچ نہیں جتوائیں گے آپ کچھ بھی نہیں ہیں، کسی نئے لڑکے میں بھی یہ خواہش نظر نہیں آئی کہ میں ٹیم میں آگیا ہوں کچھ کردوں۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے پاکستان کے سابق آف اسپنر توصیف احمد کا کہنا تھا کہ بابر اعظم کے بارے میں کتنا رونا گانا کریں گے کہ ہمارا اہم پلیئر ہے، کوئی بھی ہو آپ جب تک میچ نہیں جتوائیں گے آپ کچھ بھی نہیں ہیں، دورہ نیوزی لینڈ میں پاکستان ٹیم کی کوئی پلاننگ نہیں تھی۔ توصیف احمد نے کہا کہ اس وقت ہمارے معاملات اتنے درست نہیں، پلیئرز کے دو، تین گروپ بنے ہوئے ہیں اور آخر میں آکر آپ کہتے ہیں کہ مجھے جو ٹیم دے دی جاتی اسے کھلاتا تھا تو یہ کیا ہے

بی سی سی آئی کا سری لنکا میں سہ ملکی سیریز کیلئے 15 رکنی سکواڈ کا اعلان

نئی دہلی (این این آئی) بورڈ آف کنٹرول فار کرکٹ ان انڈیا (بی سی سی آئی) کی سلیکشن کمیٹی نے رواں ماہ سری لنکا میں شیڈول تین ملکی سیریز کے لئے 15 رکنی سکواڈ کا اعلان کر دیا ہے۔ سلیکٹرز کے مطابق ہرمن پریت کور ٹیم کی قیادت کریں گی جبکہ اسمرتی مندھانا نائب کپتان ہوں گی۔ سہ ملکی سیریز میں میزبان سری لنکا، بھارت اور جنوبی افریقا کی خواتین ٹیمیں پنجہ آزما ہوں گی۔ سہ ملکی سیریز 27 اپریل سے 11 مئی تک سری لنکا میں کھیلی جائے گی جس کے فائنل سمیت تمام میچز آر پریماداسا سٹیڈیم، کولمبو میں کھیلے جائیں گے اور تمام میچز ڈے ہوں گے۔ بھارتی خواتین ٹیم اپنی مہم کا آغاز 27 اپریل کو میزبان سری لنکن ویمنز ٹیم کے خلاف میچ سے کرے گی

کراچی کنگز کی ٹیم متوازن، بوپارا کامیابی کیلئے پُرامید

مجموعی طور پر اسکواڈ بہت متوازن ہے امید ہے کھلاڑی پہلے ہی میچ سے اچھا پرفارم کریں گے، گفتگو



کراچی (این این آئی) کراچی کنگز کے ہیڈ کوچ روی بوپارا ٹیم کی کامیابی کیلئے پُرامید ہیں۔ اتحاد بی ایل پی ایس ایل 10 کیلئے کراچی کنگز کی تیاریاں شروع ہوگئی ہیں کراچی کنگز کے کھلاڑیوں نے حنیف محمد ہائی پرفارمنس سینٹر پر باقاعدہ ٹریننگ کا آغاز کیا ہے۔ کراچی کنگز کے ہیڈ کوچ روی بوپارا نے اسکواڈ جوائن کرلیا، جبکہ ٹیم کے نئے بولنگ کوچ شان ٹیٹ بھی کراچی پہنچ گئے ہیں۔ ہیڈ کوچ نے ٹیم کو متوازن قرار دیتے ہوئے اچھی پرفارمنس کی امید ظاہر کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ مجھے سلمان اقبال اور ٹیم مینجمنٹ نے سپورٹ کیا ہے

ویڈیو ٹریوس ہیڈ کا بھارتی مداحوں کے ساتھ سیلفی بنوانے سے انکار، ویڈیو وائرل

سڈنی (این این آئی) آسٹریلوی اوپنر بیٹر ٹریوس ہیڈ نے بھارتی مداحوں کے ساتھ سیلفی بنوانے سے انکار کردیا۔ آسٹریلوی اوپنر ٹریوس ہیڈ انڈین پریمیئر لیگ (آئی پی ایل) میں سن رائزرز حیدرآباد کی نمائندگی کررہے ہیں تاہم ان کی ویڈیو منظر عام پر آئی ہے جو سوشل میڈیا پر وائرل ہوگئی۔ ویڈیو میں ٹریوس ہیڈ کو اسٹور سے خریداری کرتے دیکھا جاسکتا ہے۔ اس دوران سن رائزرز حیدرآباد کے مداح ٹریوس ہیڈ کے ساتھ تصویریں بنوانے پر اصرار کرتے ہیں لیکن وہ انکار کردیتے ہیں۔ ویڈیو ریکارڈ کرنے والے شخص نے کہا کہ حیدرآباد کے لوگ آپ سے پیار کرتے ہیں، کم از کم آپ کو ان کا جواب دینا چاہیے لیکن ٹریوس ہیڈ کچھ کہے بغیر وہاں سے چلے گئے۔

سنیتا آہوجا نے طلاق کی خبروں پر خاموشی توڑ دی

کسی بھی بات پر اس وقت تک یقین نہ کریں جب تک میں یا گووندا خود کچھ نہ کہیں، مداحوں کو مشورہ



ممبئی (نیٹ نیوز) بالی ووڈ کے معروف اداکار گووندا کی اہلیہ سنیتا آہوجا نے طلاق کے حوالے سے زیر گردش خبروں پر خاموشی توڑ دی۔ گووندا تقریبا 4 دہائیوں سے سنیتا آہوجا کے ساتھ رشتہ ازدواج میں منسلک ہیں، مگر گزشتہ چند ماہ سے ان کی طلاق سے متعلق خبریں زیر گردش ہیں۔ اب ان گردش کرنے والی خبروں پر سنیتا آہوجا نے ردعمل ظاہر کیا ہے۔ بھارتی میڈیا کی رپورٹس کے مطابق سنیتا آہوجا نے مداحوں کو مشورہ دیا ہے کہ کسی بھی بات پر اس وقت تک یقین نہ کریں جب تک میں یا گووندا خود کچھ نہ کہیں کیونکہ لوگ کچھ بھی بولتے ہیں۔ خیال رہے کہ رواں سال فروری سے خبریں سامنے آرہی تھیں کہ گووندا اور سنیتا آہوجا نے شادی کے 38 سال بعد طلاق کے لیے درخواست دائر کی ہے۔ گووندا کے وکیل للت بندل نے اس بات کی تصدیق کی تھی کہ سنیتا آہوجا نے طلاق کے لیے درخواست دائر کی تھی۔ بعدازاں انہوں نے کہا تھا کہ گووندا اور سنیتا اب دوبارہ ایک ساتھ ہیں۔

شوبز کے بہت سارے مرد اپنی بیویوں پر تشدد کرتے ہیں، رابعہ انعم

شوبز مردوں کی بیویاں چپ چاپ برداشت کررہی ہیں، انہوں نے کبھی شکوہ یا شکایت نہیں کی



کراچی (این این آئی) سابق نیوز اینکر اور ٹی وی میزبان رابعہ انعم نے دعویٰ کیا ہے کہ شوبز انڈسٹری کے بہت سارے مرد اپنی بیویوں پر تشدد کرتے ہیں اور ان کی بیویاں چپ چاپ برداشت کرتی ہیں۔ رابعہ انعم نے حال ہی میں جیو پوڈکاسٹ میں شرکت کی، جہاں انہوں نے مختلف معاملات پر کھل کر بات کی۔ انہوں نے پوڈکاسٹ کے دوران یہ بھی بتایا تھا کہ وہ ماضی میں ندا یاسر کے مارننگ شو سے کیوں اٹھ کر چلی گئی تھیں اور یہ کہ ان کی ندا یاسر سے کبھی کوئی دشمنی رہی ہی نہیں اور اب ان کے درمیان صلح ہوچکی ہے۔ اسی شو میں رابعہ انعم نے بتایا تھا کہ وہ خواتین پر تشدد اور گھریلو تشدد کے خلاف آواز اٹھانے میں متحرک رہی ہیں، انہوں نے ایک فیصلہ لیا اور مہم چلائی، اس لیے اب وہ کسی بھی صورت میں گھریلو تشدد کرنے والوں کے ساتھ کھڑی نہیں ہوسکتیں۔

خاندان کی میراث کے دباؤ سے بچنے کیلئے خاندان کا نام نہیں لگاتی، کاجول



ممبئی (نیٹ نیوز) بالی ووڈ کی سپر اسٹار اداکارہ کاجول نے انکشاف کیا ہے کہ وہ اپنے نام کے ساتھ خاندان کا نام لگانا کیوں پسند نہیں کرتیں۔ کاجول نے بتایا کہ وہ ایک ایسے خاندان سے ہیں جس کا بالی ووڈ سے کئی برسوں سے تعلق رہا ہے اس لئے انہوں نے اپنے خاندان کی میراث کے دباؤ سے بچنے کے لیے ایسا کیا۔ اداکارہ نے بتایا کہ جب وہ انڈسٹری میں داخل ہورہی تھیں، ان کی والدہ نے بھی اس بات کی نشاندہی کی کہ ان کی بالی ووڈ میں والدہ سمیت دادی اور دادا کی طرف سے بھی کچھ ایسی ہی

شادی پر باتیں کرنے سے میری شادی نہیں ہورہی، لائبہ خان

اگر محبت کرنے والا عزت نہ کرتا ہو تو ایسی محبت کا کوئی فائدہ نہیں، اداکارہ



لاہور (شوبز رپورٹر) مقبول اداکارہ لائبہ خان شکوہ کیا ہے کہ شوبز سمیت میڈیا اور سوشل میڈیا کے لابی سسٹم نے انہیں نظر انداز کیا، مرکزی کردار ادا کرنے کے باوجود ان کی پذیرائی نہیں کی گئی۔ لائبہ خان نے اپنے ایک انٹرویو میں مختلف معاملات پر کھل کر بات کی۔ پروگرام کے دوران ایک موقع پر لائبہ خان نے مزاحیہ انداز میں کہا کہ اب وہ شادی کی بات ہی نہیں کریں گی، کیوں کہ ان کی جانب سے شادی پر بات کیے جانے کی وجہ سے ہی ان کی شادی نہیں ہو رہی۔ ایک سوال کے جواب میں اداکارہ کا کہنا تھا کہ محبت میں سب سے اہم چیز عزت ہوتی ہے

کبری خان اور گوہر رشید کے دبئی ٹرپ کی خوبصورت جھلکیاں



دبئی (این این آئی) کبری خان اور گوہر رشید نے دبئی ٹرپ کی خوبصورت جھلکیاں شیئر کردیں، نئے جوڑے نے خوشیوں کے حسین لمحوں کو بھرپور انجوائے کیا ہے۔ پاکستان شوبز انڈسٹری کے معروف اور پسندیدہ ستارے کبری خان اور گوہر رشید حال ہی میں رشتہ ازدواج میں منسلک ہوئے ہیں۔ اس جوڑی نے اپنی شادی کا آغاز مکہ مکرمہ میں ایک روحانی اور سادہ نکاح کی تقریب سے کیا، جس کے بعد پاکستان میں ان کی شادی کی تقریبات نے مداحوں اور میڈیا کی خوب توجہ حاصل کی۔

امید ہے جلد اچھے دن شروع ہوں گے، ماورا حسین

دونوں ممالک کے فنکار 2016 سے ایک دوسرے کیساتھ کام کرنے کیلئے بے تاب ہیں



لاہور (این این آئی) اداکارہ ماورا حسین نے امید ظاہر کی ہیکہ جلد ہی پاکستان اور بھارت کے فنکاروں کے اچھے دن شروع ہوں گے اور دونوں ممالک کے فنکار ایک ساتھ کام کرسکیں گے۔ ساتھ ہی اداکارہ نے فواد خان کی آنے والی بولی وڈ فلم ابیر گلال کے لیے بھی نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے امید ظاہر کی ہے کہ فلم شائقین کی توجہ حاصل کرنے میں کامیاب جائے گی۔ ماورا حسین نے حال ہی میں انٹرویو دیا، جس میں انہوں نے اپنی 2016 کی بولی وڈ فلم صنم تیری قسم کی بھارت میں دوبارہ ریلیز پر بھی بات کی اور اس بات پر خوشی کا اظہار کیا کہ 9 سال بعد ان کی فلم نے ریکارڈ کمائی کی۔ ماورا حسین نے بات کرتے ہوئے اس عزم کا اعادہ بھی کیا کہ موقع ملنے پر وہ دوبارہ بھی بھارتی فلموں میں کام کریں گی۔

حور جیسے خوبصورت لڑکے سے شادی کروں گی، طوبیٰ انور

طوبیٰ انور نے کم عمری میں عامر لیاقت سے 2018 کے وسط میں خفیہ شادی کی تھی



لاہور (نیٹ نیوز) ماڈل و اداکارہ طوبیٰ انور کا کہنا ہے کہ وہ کسی حور جیسے خوبصورت لڑکے سے دوسری شادی کریں گی۔ طوبیٰ انور نے نجی ٹی وی پروگرام میں شادی سے متعلق سوال اپنے ہونے والے شریک حیات سے متعلق کھل کر بات کی۔ انہوں نے کہا کہ عام طور پر لڑکیاں شادی کے لیے لڑکے کی شکل وصورت کو نہیں دیکھتیں، وہ صرف شخصیت پر توجہ دیتی ہیں جب کہ لڑکے خوبصورتی کو ترجیح دیتے ہیں۔ ان کے مطابق انہیں معلوم نہیں کہ لڑکے خوبصورتی اور لڑکیاں شخصیت کو کیوں ترجیح دیتی ہیں، تاہم وہ کسی ایسے شخص کو شریک حیات بنائیں گی، جن سے ان کا ذہن ملتا ہے اور ان سے ان کے دوستانہ تعلقات استوار ہو سکیں۔ طوبیٰ انور نے کہا کہ وہ پڑھے لکھے شخص کو شادی کے لیے ترجیح دیں گی، ان کے لیے امیر یا بہت زیادہ کمانے والا مرد اہمیت نہیں رکھتا،

احسان اللہ نے پی ایس ایل کی پشاور زلمی کی کٹ پہن لی؟ تصویر وائرل

وائرل تصویر میں احسان اللہ کو پشاور زلمی کی جرسی زیب تن کیے دیکھا جاسکتا ہے، قیاس آرائیاں شروع



پشاور (این این آئی) پاکستان کے نوجوان فاسٹ بولر احسان اللہ کی پشاور زلمی کی کٹ پہنے تصویر سوشل میڈیا پر وائرل ہوگئی۔ فاسٹ بولر احسان اللہ کی وائرل تصویر نے ان کی پشاور زلمی میں منتقل ہونے کے بارے میں قیاس آرائیوں کو جنم دیا جس میں زلمی کی جرسی پہنے ہوئے ہیں۔ احسان نے پی ایس ایل 2023 میں ملتان سلطانز کی جانب سے کھیلتے ہوئے 22 وکٹیں حاصل کی تھیں جس کے بعد مارچ 2023 میں پاکستان کے لیے ٹی 20 انٹرنیشنل میں ڈیبیو کیا۔ انہیں اپریل 2023 میں نیوزی لینڈ کے خلاف ون ڈے ڈیبیو کے دوران کہنی کی انجری ہوئی تھی، پابندی ختم ہونے کے بعد صرف عامر ہی دوبارہ قومی ٹیم تک پہنچ سکے۔ آصف طویل عرصے سے امریکا میں مقیم جبکہ سلمان لاہور میں مخنی گلاس اسٹنی ٹیوٹ آف کرکٹ کے سربراہ ہیں۔ ذرائع نے بتایا کہ پی ایس ایل فرنچائزز کو جب علم ہوا کہ سلمان بٹ کو کنٹری پینل میں شامل کیا جارہا ہے تو انھوں نے حکام کو ایک مشترکہ خط ارسال کیا

سلمان بٹ کو کمنٹری پینل کا حصہ کیوں بنایا؟ فرنچائزز ناخوش

کنٹری پینل میں کسی غیر اخلاقی، فکسر یا جیل جانیوالے کو شامل نہ کیا جائے، حکام کو خط



لاہور (شوبز رپورٹر) اسپاٹ فکسنگ میں سزا یافتہ سابق کپتان سلمان بٹ کو پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) کے کنٹری پینل میں شامل کیے جانے پر فرنچائزز نے ناراضگی کا اظہار کردیا۔ تفصیلات کے مطابق 2010 میں لارڈز ٹیسٹ کے دوران اسپاٹ فکسنگ پر پاکستانی کپتان سلمان بٹ اور پیسرز محمد آصف و محمد عامر کو لندن میں جیل کی ہوا بھی کھانا پڑی

آئی سی سی نے پلیئر آف دی منتھ کی نامزدگیوں کا اعلان کردیا

لندن (این این آئی) انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) نے مارچ 2025 کے میلز پلیئر آف دی منتھ ایوارڈ کی نامزدگیوں کا اعلان کردیا۔ آئی سی سی کی جانب سے پلیئر آف دی منتھ ایوارڈ کی نامزدگیوں میں ایک بھارتی اور 2 نیوزی لینڈ کے کرکٹرز شامل ہیں۔ پلیئر آف دی منتھ کی نامزدگیوں کے لیے بھارت کے شریاس ائیر، نیوزی لینڈ کے راچن رویندرا اور فاسٹ بولر جیکب ڈفی شامل ہیں۔ راچن رویندرا نے آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی 2025 میں شاندار آل راؤنڈ کارکردگی دکھائی تھی

پلیئر آف دی میچ کو ملا ''انڈوں کا تحفہ''، کھلاڑی بھی ہکا بکا!

ڈچ گول کیپر کی انڈے کے کریٹ کے انعام کیساتھ تصویر سوشل میڈیا پر پوسٹ

اوسلو (این این آئی) کھیل میں سب سے بہترین کارکردگی دکھانے والے کھلاڑی کو پلیئر آف دی میچ قرار دے کر نقد انعام دیا جاتا ہے مگر ایک کھلاڑی کو انڈوں کا تحفہ دیا گیا۔ یہ منفرد اور دلچسپ واقعہ ناروے میں پیش آیا۔ جہاں فٹبال میچ کے دوران گول کیپر جان ڈی بوئر کو بوڈو گلمٹ کے خلاف میچ میں بہترین کارکردگی دکھانے پر پلیئر آف دی میچ کے اعزاز سے نوازا گیا۔ تاہم جب جان ڈی بوئر پوڈیم پر پلیئر آف دی میچ کا ایوارڈ وصول کرنے گئے تو ان کے ہاتھ میں چیک یا شیلڈ کے بجائے انڈوں کے چار کریٹ تھما دیے گئے۔ گول کیپر کے ساتھ مداح بھی یہ تحفہ پا کر حیران رہ گئے۔ کلب نے غیر معمولی ڈچ گول کیپر کی انڈے کے کریٹ کے انعام کیساتھ تصویر سوشل میڈیا پر پوسٹ کیا، جس پر مداحوں نے حیرانگی کا اظہار کرنے کے ساتھ دلچسپ تبصرے بھی کیے۔ واضح رہے کہ فٹبال میں پلیئر آف دی میچ کو پہلی بار انڈے تحفے میں نہیں دیے گئے۔

مہر النسا اقبال کی مایوں کی تصاویر اور ویڈیو وائرل

مایوں کی تقریب میں صرف قریبی عزیز و اقارب اور دوستوں نے شرکت کی



لاہور (این این آئی) اداکارہ مہر النسا اقبال کی مایوں کی دلکش تصاویر اور ویڈیوز سوشل میڈیا پر وائرل ہوگئیں۔ انڈسٹری کی خوبصورت اور باصلاحیت اداکارہ مہر النسا اقبال جنہوں نے ڈرامہ سیریل عشقیہ ایک ستم اور، میرے بن جا اور نکمرے ہیں ہم جیسے کامیاب پراجیکٹس میں اپنی جاندار اداکاری سے ناظرین کے دل جیتے، اب اپنی ذاتی زندگی کے ایک نئے اور خوبصورت سفر کی جانب بڑھ رہی ہیں۔ مہر النسا اقبال نے اپنی مایوں کی تقریب کی دلکش جھلکیاں سوشل میڈیا پر مداحوں کے ساتھ شیئر کیں۔

کارتک آریان نے سری لیلا کے ساتھ تعلقات کی خبروں پر خاموشی توڑ دی



بالی ووڈ (نیٹ نیوز) بالی ووڈ کے اُبھرتے ہوئے اداکار کارتک آریان نے ساتھی اداکارہ سری لیلا کے ساتھ تعلقات کی خبروں پر اپنا ردعمل دے دیا۔ کارتک آریان نے ایک حالیہ انٹرویو میں انکشاف کیا ہے کہ وہ سنگل ہیں اور کسی کو ڈیٹ نہیں کررہے۔ اداکار نے کہا کہ میں فی الحال سنگل ہوں اور ڈیٹنگ نہیں کر رہا۔ ماضی میں، میری ڈیٹنگ لائف کے بارے میں بہت سی قیاس آرائیاں کی جاتی تھیں



نومقرر کردہ کیتھولک پادری حیدرآباد کے سینٹ جوزف کیتھیڈرل میں ایسٹر سے پہلے بڑے پیمانے پر کرسم آئل لے کر جارہے ہیں (نوح سلیم/اے ایف پی)

پوپ فرانسس کا انتقال دماغی فالج اور ہارٹ فیل ہونے سے ہوا، ویٹی کن سٹی

ویٹی کن سٹی (این این آئی) کیتھولک مسیحیوں کے روحانی پیشوا پوپ فرانسس کی موت کی وجہ سامنے آگئی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ویٹی کن کی جانب سے پوپ فرانسس کے انتقال کا باضابطہ بیان جاری کر دیا گیا اور ڈیتھ سرٹیفکیٹ میں ان کی موت کی وجہ بھی بتائی گئی۔ ڈیتھ سرٹیفکیٹ کے مطابق پوپ فرانسس کا انتقال پیر کی صبح 7 بج کر 35 منٹ پر ہوا۔ موت کے وقت پوپ فرانسس ویٹی کن میں واقع اپنے اپارٹمنٹ میں موجود تھے۔ ڈیتھ سرٹیفکیٹ کے مطابق پوپ فرانسس کا انتقال دماغی فالج اور ہارٹ فیل ہونے سے ہوا۔ ڈیتھ سرٹیفکیٹ میں بتایا گیا کہ پوپ فرانسس انتقال سے پہلے کوما میں چلے گئے تھے، پوپ کی موت کی تصدیق ایکو کارڈیوگرام کے ذریعے کی گئی۔ ڈیتھ سرٹیفکیٹ کے مطابق پوپ فرانسس کو ہائی بلڈ پریشر، پھیپھڑوں کی ایک دائمی بیماری اور ٹائپ 2 ذیابیطس بھی لاحق تھی جنہیں اس سے پہلے ظاہر نہیں کیا گیا تھا۔

امریکہ، ٹیک آف سے پہلے مسافروں سے بھرے طیارے میں آگ لگ گئی

پرواز میں سوار درجنوں مسافروں کو ہنگامی بنیادوں پر طیارے سے نکالنا پڑا، امریکی میڈیا

واشنگٹن (این این آئی) ڈیلٹا ایئر لائنز کی پرواز کو اورلینڈو ایئرپورٹ پر ٹیک آف کی تیاری سے قبل انجن میں آگ لگ گئی، طیارہ مسافروں سے بھرا ہوا تھا جس دوران یہ واقعہ پیش آیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق فیڈرل ایوی ایشن ایڈمنسٹریشن نے بتایا کہ ہوائی جہاز، فلائٹ 1213، تقریباً صبح 11:15 بجے روانگی کی تیاری کررہا تھا اس دوران طیارے کے انجن میں آگ لگ گئی۔ ڈیلٹا ایئر لائنز کی پرواز میں سوار مسافروں کو ہنگامی بنیادوں پر طیارے سے نکالنا پڑا جب فلوریڈا کے اورلینڈو بین الاقوامی ہوائی اڈے پر طیارے کے انجن میں آگ بھڑکی۔ رپورٹ کے مطابق ڈیلٹا فلائٹ 1213 اورلینڈو سے ڈزنی ورلڈ کے گھر اٹلانٹا کے لیے روانہ ہونے والی تھی۔ واقعے میں کسی کے زخمی ہونے کی اطلاع نہیں ملی۔ طیارے 330 میں تقریبا 300 مسافر سوار تھے۔ رپورٹ میں مزید کہا گیا کہ انجن میں آگ لگنے کی وجہ تاحال معلوم نہیں ہوسکی۔ ڈیلٹا نے کہا کہ اس کا دیکھ بھال کرنے والا عملہ طیارے کا معائنہ کرے گا، ایف اے اے آگ لگنے کی تحقیقات کر رہا ہے۔ ہوائی جہاز میں آگ لگنے کی ویڈیوز سوشل میڈیا پر شیئر بھی کی گئیں جس میں دیکھا گیا کہ طیارے کے دائیں انجن سے دھواں اور شعلے اٹھتے دکھائے دیے گئے۔

ٹرمپ کے نئے بیان سے امریکی ڈالر اور اسٹاک مارکیٹیں گر گئیں

ٹرمپ نے مرکزی بینک کے سربراہ کو طنزیہ طور پر مسٹر ٹولیٹ قرار دے دیا

واشنگٹن (این این آئی) ڈونلڈ ٹرمپ کے ٹیرف حملے نے جہاں دنیا کے مختلف ممالک کی بنیادیں ہلا کر رکھ دیں وہیں اب امریکی صدر کے نئے بیان سے امریکی ڈالر اور اسٹاک مارکیٹیں بھی متاثر ہوگئیں۔ بھارتی ٹی وی کی رپورٹ کے مطابق صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے امریکہ کے مرکزی بینک کے سربراہ جیروم پاول پر تنقید کرتے ہوئے شرح سود میں کمی نہ کرنے پر انہیں بڑا نقصان اٹھانے والا قرار دیا گیا جس کے بعد امریکی اسٹاک اور ڈالر کی قیمت میں تیزی سے کمی واقع ہوئی۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں ٹرمپ نے فیڈرل ریزرو پر زور دیا کہ وہ معیشت کو فروغ دینے کے لیے سود کی شرحوں کو فعال طور پر کم کرے، امریکی صدر نے جیروم پاول کو اقتصادی تبدیلیوں پر ردعمل ظاہر کرنے میں سست روی ظاہر کرنے پر انہیں تنقید کا نشانہ بنایا۔ ٹرمپ کا خیال ہے کہ شرحوں میں کمی سے اقتصادی ترقی کو تیز کرنے میں مدد ملے گی۔ تاہم پاول نے مہنگائی پر ٹرمپ کی پالیسیوں کے اثرات کے جائزے کو ترجیح دیتے ہوئے ایک محتاط موقف برقرار رکھا ہے۔ ٹرمپ نے کہا کہ معیشت اس وقت تک سست ہوسکتی ہے جب تک کہ فیڈ چیئرمین شرح سود کو کم نہیں کرتے، ٹرمپ نے مرکزی بینک کے سربراہ کو طنزیہ طور پر مسٹر ٹولیٹ قرار دیا۔ ٹرمپ نے ان خدشات کے پیش نظر جیروم پاول کی معاشی ہینڈلنگ پر تنقید کی ہے کیونکہ ٹرمپ کے اپنے ٹیرف کے منصوبے امریکی اسٹاک مارکیٹ میں کمی اور کساد بازاری کے خدشات کا باعث بن رہے ہیں۔



واشنگٹن ڈی سی میں وائٹ ہاؤس کے جنوبی لان میں وائٹ ہاؤس کے انڈے کے رول کے دوران بچوں کو پڑھ رہی ہیں

مسلمانوں نے بھارت کے بڑے مسلم مخالف شہر میں ہندو جوڑے کی شادی کروا دی

جوڑے کے پاس شادی کے اخراجات موجود نہیں تھے تاہم مسلمان کمیونٹی نے مدد کی، بھارتی میڈیا

نئی دہلی (این این آئی) بھارت کے مغربی بنگال کے فسادزدہ ضلع مرشد آباد جہاں مسلمان اکثر ہندوں کے نشانے پر رہتے ہیں، وہاں موجود ایک مسلمان نے ہندو جوڑے کی شادی کروادی۔ بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق مرشد آباد میں اینٹوں کے بھٹے کے مسلمان مالکان نے اپنے اخراجات پر ایک ہندو جوڑے کی ہندو رسومات کے مطابق شادی کرادی۔ مغربی بنگال کے ضلع مرشد آباد میں مقامی افراد نے وقف ترمیمی ایکٹ کی وجہ سے علاقے میں جاری کشیدگی کے باوجود ایک نوجوان جوڑے، سیمول اور شیولی کی شادی کرانے میں مدد کی۔ شادی کی تقریب میں علاقے میں موجود مسلمانوں نے بھی جوڑے کی شادی میں شرکت کی۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ ہندو جوڑے کا تعلق بیر بھوم کے مرراٹی سے ہے اور وہ اپنے اہل خانہ کے ساتھ ماریا برک بھٹے میں کام کرتے ہیں۔ 5 سال تک تعلقات میں رہنے کے باوجود ان کے اہلخانہ شادی کے اخراجات کے باعث تقریب کا اہتمام نہیں کرسکے تھے۔ تب ہی مسلم مالکان، آجر اور کمیونٹی ان کی مدد کے لیے آگے بڑھی۔ سمول اور شیولی بھٹے پر کام کے دوران محبت میں گرفتار ہوئے جس کے بعد انہوں نے مسلم مالکان کو اس حوالے سے بتایا۔ تاہم، وہ شادی کرنے کے متحمل نہیں تھے، اس لیے کمیونٹی مدد کے لیے آگے بڑھی۔ بھٹہ مالک کے ساتھی مصطفیٰ شیخ نے ہندو جوڑے کا حال معلوم کیا اور ان کی شادی کرانے کا فیصلہ کیا۔ وہ شادی کرنے کے متحمل نہیں تھے، اس لیے کمیونٹی مدد کے لیے آگے بڑھی۔ بھٹہ مالک کے ساتھی مصطفیٰ شیخ نے ہندو جوڑے کا حال معلوم کیا اور ان کی شادی کرانے کا فیصلہ کیا۔ مصطفیٰ شیخ نے بتایا کہ جوڑا ہمارے ساتھ پانچ سال سے کام کررہا ہے

غزہ میں جنگ بندی کیلئے قطر اور مصر نے نئی تجویز پیش کردی

اس تجویز میں پانچ سے سات سال کی جنگ بندی، اسرائیلی یرغمالیوں کے بدلے فلسطینی قیدیوں کی رہائی، جنگ کا باضابطہ خاتمہ اور غزہ سے اسرائیلی فوج کا مکمل انخلا شامل ہے، فلسطینی عہدیدار

قاہرہ (این این آئی) اسرائیل اور حماس کے درمیان جنگ بندی کے لیے قطر اور مصر کے ثالثوں نے ایک نئی تجویز پیش کردی۔ ایک سینئر فلسطینی عہدیدار نے برطانوی نشریاتی ادارے کو بتایا ہے کہ اسرائیل اور حماس کے درمیان جنگ بندی کے لیے قطر اور مصر کے ثالثوں نے ایک نئی تجویز پیش کی ہے، جس کا مقصد غزہ میں جاری جنگ کو مکمل طور پر ختم کرنا ہے۔ عہدیدار کے مطابق اس تجویز میں پانچ سے سات سال کی جنگ بندی، اسرائیلی یرغمالیوں کے بدلے فلسطینی قیدیوں کی رہائی، جنگ کا باضابطہ خاتمہ اور غزہ سے اسرائیلی فوج کا مکمل انخلا شامل ہے۔ اس حوالے سے حماس کا ایک اعلیٰ سطحی وفد قاہرہ پہنچ رہا ہے، جس میں سیاسی کونسل کے سربراہ محمد درویش اور مرکزی مذاکرات کار خلیل الحیہ شامل ہوں گے۔

بھارت، تو باہر مل۔۔۔ فیصلے سے آگ بگولہ ملزم کی خاتون جج کو دھمکی



نئی دہلی (این این آئی) بھارتی دارالحکومت دہلی میں ایک عدالتی کمرہ اس وقت پرتشدد ہوگیا، جب ایک چیک بانس کے کیس میں سزا یافتہ ملزم نے اپنے خلاف فیصلہ سنائے جانے پر وکیل کے ہمراہ خاتون جج کو باہر ملنے کی دھمکی دی۔ بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق یہ معاملہ جوڈیشل مجسٹریٹ) این آئی ایکٹ (شیوانگی منگلا کے سامنے پیش آیا، جنہوں نے ملزم کو 2 اپریل کو چیک باؤنس کیس میں نیگوشی ایبل انسٹرومنٹ ایکٹ کی دفعہ 138 کے تحت مجرم قرار دیا تھا اور اسے ضمانتی مچلکے فراہم کرنے کا حکم دیا تھا۔ بھارت، تو باہر مل۔۔۔ فیصلے سے آگ بگولہ ملزم کی خاتون جج کو دھمکی

gettyimages
Credit: The Asahi Shimbun

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

میڈیکل طلبہ میں کھیلوں کے ذریعے صحتمند مسابقت کا جذبہ پیدا کرنا ضروری ہے

مریضوں کے علاج کے ساتھ ساتھ اپنی صحت کو بھی ٹھوس اور پائیدار بنیادوں پر یقینی بنا سکیں: سی ای او میاں محمد ادریس



فیصل آباد (ملک بشیر احمد) میڈیکل طلبہ میں کھیلوں کے ذریعے صحتمند مسابقت کا جذبہ پیدا کرنا ضروری ہے تاکہ وہ عملی زندگی کے چیلنجز کا مؤثر طور پر مقابلہ کر سکیں۔ یہ بات عزیز فاطمہ ٹرسٹ کے مینیجنگ ٹرسٹی اور ستارہ جینیٹکز انڈسٹریز لمیٹڈ کے چیف ایگزیکٹو آفیسر میاں محمد ادریس نے عزیز فاطمہ میڈیکل اینڈ ڈینٹل کالج کے سالانہ سپورٹس گالا کے موقع پر تقسیم انعامات کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ صحتمند معاشرے کیلئے صحتمند نوجوانوں کی اشد ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ طب کے شعبہ سے وابستہ طلبہ کے بارے میں یہ تاثر عام ہے کہ وہ صرف پڑھائی پر توجہ دیتے ہیں جبکہ اُن کی شخصیت کو متوازن بنانے کیلئے کھیلوں پر بھی ضروری توجہ دی جا رہی ہے تاکہ وہ مریضوں کے علاج کے ساتھ ساتھ اپنی صحت کو بھی ٹھوس اور پائیدار بنیادوں پر یقینی بنا سکیں۔ انہوں نے کھیلوں کے بہترین انتظامات کرنے پر کالج کی انتظامیہ کی کاوشوں کو سراہا اور کہا کہ ان میں حصہ لینے والے طلبہ بھی قابل تحسین ہیں جو متوازن شخصیت کے فروغ کیلئے اپنی پڑھائی کے ساتھ ساتھ کھیلوں میں بھی حصہ لے رہے ہیں۔ آخر میں انہوں نے مختلف ایونٹس میں نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے طلبہ میں انعامات بھی تقسیم کیے۔ اس تقریب کے مہمان خصوصی عزیز فاطمہ ٹرسٹ کے چیف آپریٹنگ آفیسر پروفیسر ڈاکٹر محمد سعید تھے جبکہ اس موقع پر پرنسپل عزیز فاطمہ میڈیکل اینڈ ڈینٹل کالج پروفیسر ڈاکٹر غلام عباس بھٹی، وائس پرنسپل پروفیسر ڈاکٹر قدوس الرحمن، ڈپٹی جنرل منیجر ایڈمن اینڈ ایچ آر آفتاب احمد خان، پیٹرن سپورٹس کمیٹی پروفیسر ڈاکٹر خرم سہیل اجوہ اور ڈاکٹر کلثوم صغیر بھی موجود تھیں۔

دنیا بھر کی طرح حافظ آباد میں بھی محکمہ تعلیم کی جانب سے ورلڈ بک ڈے منایا گیا

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) دنیا بھر کی طرح حافظ آباد میں بھی محکمہ تعلیم کی جانب سے ورلڈ بک ڈے منایا گیا، اس سلسلہ میں ایک تقریب ڈسٹرکٹ پبلک لائبریری حافظ آباد میں زیر صدارت ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر (زنانہ) حافظ آباد صوفیہ جبیں منعقد ہوئی، میڈم صوفیہ جبیں اور لائبریری انچارج میڈم کشور سلطانہ نے اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے کتب بینی کی افادیت پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کتب کسی بھی قوم کے ماضی کی شاندار اقدار سے آنے والی نسلوں کو روشناس کرانے کا بہترین ذریعہ ہے، انہوں نے کہا کہ کتب ماضی کا ریکارڈ ہوتا ہے اور کتاب تنہائی کی بہترین ساتھی ہے، لوگ اپنی فرصت کے لمحات کو اچھے طریقہ سے صرف کرنے کے لئے آج بھی سوشل میڈیا کی بجائے کتب کے مطالعہ میں مصروف نظر آتے ہیں، انہوں نے کہا کہ اساتذہ، معلمات کو اپنے طلباء و طالبات کو اور والدین کو اپنے بچوں کو کتب بینی کی طرف راغب کرنے کی طرف توجہ دینی چاہیے، میڈم صوفیہ جبیں نے ڈسٹرکٹ پبلک لائبریری کے مردانہ، زنانہ، نیوز پیپر سیکشن کا معائنہ بھی کیا اور لائبریری کی کتب کی ترتیب و صفائی پر اطمینان کا اظہار کیا۔

نواحی گاؤں کوٹلی کوروٹانہ کے قریب گندم کی تیار فصل کو آگ لگ گئی

آگ لگنے کا واقعہ کوٹلی کوروٹانہ اور ننگل دونا سنگھ کے قریب پیش آیا

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) نارنگ کے نواحی گاؤں کوٹلی کوروٹانہ کے قریب گندم کی تیار فصل کو آگ لگ گئی جو روٹانہ کے قریب گندم مسابقت کا جذبہ پیدا کرنا ضروری ہے تاکہ وہ عملی زندگی کے چیلنجز کا مؤثر طور پر مقابلہ کر سکیں۔ یہ بات عزیز فاطمہ ٹرسٹ کے مینیجنگ ٹرسٹی اور ستارہ جینیٹکز انڈسٹریز لمیٹڈ کے چیف ایگزیکٹو آفیسر میاں محمد ادریس نے عزیز فاطمہ میڈیکل اینڈ ڈینٹل کالج کے سالانہ سپورٹس گالا کے موقع پر تقسیم انعامات کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ طب کے شعبہ سے وابستہ طلبہ کے بارے میں یہ تاثر عام ہے کہ وہ صرف پڑھائی پر توجہ دیتے ہیں جبکہ اُن کی شخصیت کو متوازن بنانے کیلئے کھیلوں پر بھی ضروری توجہ دی جا رہی ہے تاکہ وہ مریضوں کے علاج کے ساتھ ساتھ اپنی صحت کو بھی ٹھوس اور پائیدار بنیادوں پر یقینی بنا سکیں۔ انہوں نے کھیلوں کے بہترین انتظامات کرنے پر کالج کی انتظامیہ کی کاوشوں کو سراہا اور کہا کہ ان میں حصہ لینے والے طلبہ بھی قابل تحسین ہیں جو متوازن شخصیت کے فروغ کیلئے اپنی پڑھائی کے ساتھ ساتھ کھیلوں میں بھی حصہ لے رہے ہیں۔ آخر میں انہوں نے مختلف ایونٹس میں نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے طلبہ میں انعامات بھی تقسیم کیے۔ اس تقریب کے مہمان خصوصی عزیز فاطمہ ٹرسٹ کے چیف آپریٹنگ آفیسر پروفیسر ڈاکٹر محمد سعید تھے جبکہ اس موقع پر پرنسپل عزیز فاطمہ میڈیکل اینڈ ڈینٹل کالج پروفیسر ڈاکٹر غلام عباس بھٹی، وائس پرنسپل پروفیسر ڈاکٹر قدوس الرحمن، ڈپٹی جنرل منیجر ایڈمن اینڈ ایچ آر آفتاب احمد خان، پیٹرن سپورٹس کمیٹی پروفیسر ڈاکٹر خرم سہیل اجوہ اور ڈاکٹر کلثوم صغیر بھی موجود تھیں۔

آگ لگنے کا واقعہ کوٹلی کوروٹانہ اور ننگل دونا سنگھ کے قریب پیش آیا

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) نارنگ کے نواحی گاؤں کوٹلی کوروٹانہ کے قریب گندم کی تیار فصل کو آگ لگ گئی جو روٹانہ کے قریب گندم کی تیار فصل کوٹلی کوروٹانہ اور ننگل دونا سنگھ کے قریب پیش آیا متاثرہ کسان ظہیر کوروٹانہ کے مطابق آگ لگنے کی وجہ معلوم نہیں ہو سکی کوٹلی کوروٹانہ ننگل دونا سنگھ کے قریب گندم کی فصل تیار کھڑی تھی نامعلوم شعلے سے آگ بھڑک اٹھی جس سے فصل جل کر راکھ ہو گئی آگ پر قابو پانے کی تمام کوششیں ناکام ہوئی آگ اس قدر زیادہ تھی کہ کسی گز دور کھڑا ہونا بھی مشکل تھا دیکھتے ہی دیکھتے آگ نے 100 ایکڑ سے زائد رقبے کو خاک بنا دیا کسان اپنی کمائی کو آنکھوں کے سامنے جلتا دیکھ کر حواس کھو بیٹھے اور زاروقطار روتے رہے خاکستر ہونے والی گندم کی مالیت 1 کروڑ روپے سے زائد بتائی جا رہی ہے متاثرہ کاشتکاروں نے حکومت سے مدد کی اپیل کی ہے۔

سیف سٹی وزٹ کے بعد ہمیں پولیس ورکنگ اور جدید اقدامات کے متعلق معلومات حاصل ہوئی ہے

سیف سٹی کیمروں کی مانیٹرنگ کے بعد ہم خود کو پہلے سے زیادہ محفوظ محسوس کر رہے ہیں: پروفیسر ڈاکٹر اظہر رسول



نکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) سیف سٹی وزٹ کے بعد ہمیں پولیس ورکنگ اور جدید اقدامات کے متعلق معلومات حاصل ہوئی ہے اور سیف سٹی کیمروں کی مانیٹرنگ کے بعد ہم خود کو پہلے سے زیادہ محفوظ محسوس کر رہے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار پروفیسر ڈاکٹر اظہر رسول (ڈائریکٹر اورک بابا گورونانک یونیورسٹی) نے اپنے وفد کیساتھ سیف سٹی نکانہ میں وزٹ کے بعد کیا۔ تفصیلات کے مطابق بابا گورونانک یونیورسٹی کے مختلف شعبہ جات کے پیٹرپرسن اور پروفیسرز نے سیف سٹی نکانہ کا دورہ کیا۔ انچارج سیف سٹی نکانہ ابرار احمد نے اپنی ٹیم کے ہمراہ پروفیسر زکو خوش آمدید کہا۔ انچارج سیف سٹی نے تمام شرکاء کو سیف سٹی کیمروں کی مانیٹرنگ اور پولیس ورکنگ کے متعلق تفصیلی بریفنگ دی۔ وزٹ کے دوران تمام مہمانوں کو کنٹرول روم اور پکار 15 کا بھی وزٹ کروایا گیا جہاں پر پکار 15 اور بلڈ بنک کے متعلق پولیس ورکنگ کے متعلق آگاہی دی گئی۔ تمام مہمانوں نے ورچوئل ویمن پولیس اسٹیشن کا بھی وزٹ کیا جہاں پر وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز کے ویژن کے مطابق خواتین کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے جدید طرز پر قائم ہیلپ ڈیسک اور ورچوئل سنٹر برائے چائلڈ سیفٹی کے متعلق بھی آگاہی دی گئی۔ پروفیسرز کے وفد نے پولیس ورکنگ کے جدید نظام اور نئے اقدامات کو خوب پسند کیا۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے پروفیسر ڈاکٹر اظہر رسول کا کہنا تھا کہ سیف سٹی میں وزٹ کے بعد ہم نے سارے سسٹم کو مانیٹر کیا کہ کیسے شہریوں کی حفاظت کے لیے پولیس ورکنگ کو جدید دور کے مطابق یقینی بنایا جا رہا ہے۔ سیف سٹی نکانہ کا سسٹم دیکھنے کے بعد ہمیں بہت خوشی ہوئی ہے اور تمام نظام پکار 15 کنٹرول روم کے متعلق تفصیلی آگاہی حاصل ہوئی ہے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ کہہ سکتے ہیں کہ نکانہ میں ہم سیف ہاتھوں میں ہیں اور سارے نظام کی مکمل نگرانی کی جا رہی ہے۔ حکومت پنجاب اور سیف سٹی ٹیم کی کاوشیں قابل تعریف ہیں۔ ڈی پی او نکانہ سید ندیم عباس کا کہنا ہے کہ آئی جی پنجاب کے ویژن کے مطابق محکمہ پولیس کی جانب سے شہریوں کے جان و مال کی حفاظت کے لیے جدید اقدامات کا سلسلہ جاری رہے گا۔

وطن عزیز پاکستان میں قیام امن کیلئے علماء مشائخ اپنا کلیدی کردار ادا کریں

دہشت گردی، انتہاء پسندی کا خاتمہ، تشدد سے پاک معاشرہ اور پیغام پاکستان کا فروغ ہم سب کی ذمہ داری ہے

گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) علماء کرام منبر و محراب کے ذریعے قومی یکجہتی، مذہبی ہم آہنگی اور وحدت کو پیدا کرنے میں اپنا کردار ادا کریں۔ وطن عزیز پاکستان میں قیام امن کیلئے علماء مشائخ اپنا کلیدی کردار ادا کریں دہشت گردی، انتہاء پسندی کا خاتمہ، تشدد سے پاک معاشرہ اور پیغام پاکستان کا فروغ ہم سب کی ذمہ داری ہے پاکستان کے استحکام اور خوشحالی کیلئے وزیر اعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف اور سپہ سالار پاکستان حافظ جنرل عاصم منیر کا کردار قابل تحسین ہے پوری قوم اپنی بہادر، بٹر مسلح افواج اور قومی سلامتی کے اداروں کیساتھ کھڑی ہے، ملک دشمن طاقتوں کا ایجنڈا کامیاب نہیں ہونے دیں گے۔ اسلام ہمیں احترام انسانیت کا درس دیتا ہے اور تمام مسالک و مذاہب اور انسانیت کا احترام ہم سب پر لازم ہے۔ قبلہ اول بیت المقدس کی صورت حال پوری دنیا کو پکار رہی ہے، اُمت مسلمہ غزہ و فلسطین کے مظلوم مسلمانوں کے ساتھ ہے ریاست پاکستانی عوام اور اُمت مسلمہ اہل فلسطین اور غزہ کے مسلمانوں کے ساتھ کھڑی ہے پر امن احتجاج ہمارا حق ہے، اپنے ملک کی املاک کو نقصان پہنچانا دشمن کو فائدہ پہنچانے کے مترادف ہے۔ جم خانہ کلب گوجرانوالہ میں ڈویژنل انتظامیہ کے زیر اہتمام منعقدہ قومی یکجہتی کانفرنس سے چیئرمین مرکزی رویت ہلال کمیٹی پاکستان سفیر امن مولانا سید محمد عبدالخبیر آزاد، کمشنر گوجرانوالہ ڈویژن سید نوید حیدر شیرازی، آر پی او گوجرانوالہ ریجن طیب حنیف چیمہ، ڈپٹی کمشنر نوید احمد اور دیگر مسالک کے علماء کرام کا خطاب جم خانہ کلب گوجرانوالہ میں ڈویژنل انتظامیہ کے زیر اہتمام قومی یکجہتی کانفرنس کا انعقاد کیا گیا۔

رانا محمد ارشد خاں کے اعزاز میں فاروق آباد کے سماجی رہنما شہزاد عرف جمبو کی طرف سے ظہرانہ دیا گیا

ظہرانہ میں مرزا وحید احمد، مرزا طارق، ملک ادریس و دیگر شخصیات نے شرکت کی



شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) معروف سیاسی سماجی شخصیت حاجی رانا یعقوب علی خاں اور رانا محمد ارشد خاں کے اعزاز میں فاروق آباد کے سماجی رہنما شہزاد عرف جمبو کی طرف سے ظہرانہ دیا گیا جس میں مرزا وحید احمد، مرزا طارق، ملک ادریس و دیگر شخصیات نے شرکت کی اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے شہزاد عرف جمبو نے حاجی رانا یعقوب علی خاں اور رانا محمد ارشد خاں کی سماجی خدمات کو سراہتے ہوئے معاشرتی فلاح و بہبود کی کاوشوں میں ان کا بھرپور ساتھ دینے کے عزم کا اعادہ کیا جبکہ حاجی رانا یعقوب علی خاں نے ظہرانہ کے انعقاد پر شہزاد عرف جمبو کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ ان شاء اللہ عوام کی بے لوث خدمت کا سفر جاری رکھا جائے گا جس کیلئے ہر فرد کو اپنا مثبت و تعمیری کردار ادا کرنا چاہئے تاکہ اجتماعی کاوشوں سے معاشرتی مسائل میں کمی اور غریب نادار و مستحق گھرانوں کی زندگیوں میں آسانیاں لائی جاسکیں۔

ایڈیشنل کمشنر نے شہر میں جاری سیوریج کے کام کو بروقت مکمل کرنیکی ہدایت کردی

سڑکوں کی بحالی اور ملبہ اٹھانے کا کام بھی ساتھ ساتھ کیا جائے: ڈاکٹر سیف اللہ بھٹی



ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) ایڈیشنل کمشنر گوارڈ سیٹیشن ڈاکٹر سیف اللہ بھٹی نے شہر میں جاری سیوریج پائپ ڈالنے کے کام کو ٹائم لائن کے مطابق حل کرنے کی ہدایت کر دی، سڑکوں کی بحالی اور ملبہ اٹھانے کا کام بھی ساتھ ساتھ کیا جائے تاکہ شہریوں کو پریشانی سے بچایا جاسکے۔ ڈی پی ایس روڈ پر جاری کام کو مزید تیز کرنے کی ہدایت۔ وہ یہاں کمشنر آفس میں پمپ مردانہ، زنانہ، نیوز پیپر سیکشن کا معائنہ بھی کیا اور لائبریری کی کتب کی ترتیب و صفائی پر اطمینان کا اظہار کیا۔

جہلم پنجاب بھر میں گندم کی خریداری کیلئے جامع پلان مرتب کرلیا گیا

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم پنجاب بھر میں گندم کی خریداری کیلئے جامع پلان مرتب کرلیا گیا۔ سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی کا کہنا ہے کہ گندم کی خریداری نجی شعبہ کے ذریعے کی جائیگی۔ پرائیویٹ سیکٹر کو گندم خریداری کیلئے وسائل حکومت پنجاب مہیا کریگی سیکرٹری زراعت افتخار علی سہو زراعت کے مطابق گندم کی خریداری کیلئے فری مارکیٹ کا نظام تمام صوبوں میں رائج ہو چکا ہے۔ حکومت پنجاب نے گندم کے کاشتکاروں کے مالی تحفظ کیلئے متبادل نظام متعارف کرایا ہے۔ نئے نظام میں پرائیویٹ ادارے، انویسٹرز و ٹریڈرز خریداری کے عمل میں شامل ہوں گے۔ نئے نظام کے تحت چار ماہ تک گندم کو نوٹیفائیڈ گودا موں میں سٹور کرنے کی سہولت میسر ہوگی ضلعی سطح پر ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت، ڈسٹرکٹ فوڈ کنٹرولر اور ایکسٹرا اسسٹنٹ ڈائریکٹر مارکیٹنگ متعلقہ ڈپٹی کمشنر کی سربراہی میں گندم کی فروخت میں سہولت کاری کریں گے۔

جہلم پنجاب بھر میں 22 سے 2300 روپے فی من تک فروخت کی جارہی

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم گندم مارکیٹ میں 22 سے 2300 روپے فی من تک فروخت کی جارہی ہے روٹی اور ٹان سرکاری نرخوں پر عملدرآمد کروایا جائے شہریوں کا ڈپٹی کمشنر سے مطالبہ، حکومت پنجاب کی طرف سے غریب و عام افراد کو 2 وقت کی روٹی میسر کرنے کیلئے گندم کی قیمت میں انتہائی کمی کر دی ہے جو کہ نیک شگون ہے لیکن اس کے باوجود عوام کم وزن مہنگے داموں روٹی اور نان خریدنے پر مجبور ہیں۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ ہوٹل اور تندور مالکان کندم اور آٹا کی قیمتوں میں واضح کمی کے باوجود روٹی 15 روپے اور نان 20 سے 25 روپے میں فروخت کر رہے ہیں جبکہ گندم کی مناسبت سے غریب عوام کی مشکلات کو مدنظر رکھتے ہوئے روٹی 10 روپے اور نان کی قیمت 15 روپے مقرر ہونی چاہیے۔ روٹی اور نان کی سرکاری قیمت روٹی 13 اور نان 20 روپے مقرر ہے جبکہ اس پر شہر سمیت ضلع بھر میں کہیں بھی عملدرآمد نہیں ہو رہا۔ جو کہ پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کی کارکردگی پر سوالیہ نشان ہے

مصطفی آباد: آل پاکستان انٹر بورڈ کراس کنٹری چیمپئن شپ کا اہتمام

اخوت کالج میں منعقدہ مقابلوں میں ملک بھر کے چھ تعلیمی بورڈز نے شرکت کی



مصطفی آباد/للیانی (نمائندہ خصوصی) آل پاکستان انٹر بورڈ کراس کنٹری چیمپئن شپ کا اہتمام، اخوت کالج سرگودھا بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن ملاکنڈ، بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن میں منعقدہ مقابلوں میں ملک بھر کے چھ تعلیمی بورڈز نے شرکت کی، لاہور بورڈ نے میدان مار لیا، تفصیلات کے مطابق اخوت کالج مصطفی آباد کی میزبانی میں آل پاکستان انٹر بورڈ کراس کنٹری چیمپئن شپ کا اہتمام، چھ کلو میٹر چیمپئن شپ کینال روڈ مصطفی آباد میں منعقد کی گئی، اس مقابلے میں ملک بھر کے چھ تعلیمی بورڈز نے شرکت کی، جن میں بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن لاہور، بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن مردان، بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن ساہیوال نے حصہ لیا، جس میں کراس کنٹری میں لاہور بورڈ نے پہلی پوزیشن، سرگودھا بورڈ نے دوسری، ساہیوال بورڈ نے تیسری جبکہ سائیکلنگ میں بھی لاہور بورڈ نے ہی پہلی، دوسری مالاکنڈ بورڈ کی اور تیسری مردان بورڈ نے حاصل کی، پوزیشن ہولڈر کھلاڑیوں میں انعامات بھی تقسیم کیے گئے، لاہور بورڈ کی انتظامیہ، چیئرمین کمشنر لاہور، سیکرٹری لاہور بورڈ رضوان نذیر کی محنت سے وکاوش سے میں آل پاکستان انٹر بورڈ کراس کنٹری چیمپئن شپ اختتام پذیر ہوا۔

صدر روائی ڈی اے نکانہ ڈاکٹر عدنان اقبال کی قیادت میں کامیاب میٹنگ

میٹنگ میں ضلع نکانہ، تحصیل سانگلہ اور شاہ کوٹ سے ہیلتھ نمائندگان، ڈاکٹرز اور قیادت نے شرکت کی



نکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) جی ایچ اے ضلع نکانہ کے عہدیداران کی صدر وائی ڈی اے نکانہ ڈاکٹر عدنان اقبال کی قیادت میں کامیاب میٹنگ جس میں ضلع نکانہ، تحصیل سانگلہ اور شاہ کوٹ سے ہیلتھ نمائندگان، ڈاکٹرز اور قیادت نے شرکت کی تفصیلات کے مطابق جی ایچ اے پنجاب کی کال پر صوبہ بھر کی طرح ڈی ایچ کیو ہسپتال نکانہ میں بھی نجکاری ایکٹ مخالف او پی ڈی سروسز کا مکمل بائیکاٹ رکھا گیا۔ نجکاری ایکٹ جس سے لاکھوں گھروں کے چولہے بند ہونے کا مکمل خدشہ ہے اور ہر ہیلتھ ملازم خواہ وہ ڈاکٹرز ہو نرس ہو پیرا میڈیکس والا ٹیڈ ہیلتھ پروفیشنل اور تمام پولیو ورکرز نہ صرف اس سے متاثر ہو چکے ہیں بلکہ ساری عمر حکومت کی ملازمت میں رہنے کے بعد ریٹائرمنٹ کے بعد پنشن و دیگر مراعات سے بھی مکمل محروم کر دیئے گئے ہیں۔ اس نجکاری ایکٹ کو جی ایچ اے پنجاب مکمل مسترد کر چکی ہے اور سترہ دنوں سے ہزاروں ہیلتھ ورکرز چیپر نگ کراس مال روڈ لاہور پر دھرنے دیے بیٹھے ہیں جی ایچ اے ضلع نکانہ ان سب کیساتھ مکمل اظہار یکجہتی کا اعلان کرتی ہے اور نوکری بچاؤ مہم میں جی ایچ اے پنجاب لیٹر طرف سے آنے والی ہر کال پر بھرپور انداز میں لبیک کرے گی۔ حکومتی دباؤ اور ایڈمنسٹریشن کیجانب سے کی جانے والی بلیک میلنگ کا آئندہ یک مشت ہو کر جواب دیا جائے گا اور کسی ہیلتھ ورکر کو کسی صورت تنہا نہیں چھوڑا جائے گا

بھارتی میڈیا خود ساختہ پہلگام حملہ پر پراپیگنڈہ بند کرے: چوہدری امتیاز علی وریاہ

ملک وقوم کی سلامتی پر پاکستانی ایک پلیٹ فارم پر ہیں: چوہدری بلال احمد باجوہ



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) جھوٹ پر مبنی پہلگام حملہ بھی بھارتی زہریلے میڈیا پروپیگنڈوں پر ہر پاکستانی نالاں ہے۔ پہلے کی طرح اب بھی بھارتی جھوٹا فالس فلیگ پروگرام بھونڈی سازش مکار و عیار بھارت کا خود ساختہ شاخسانہ ہے۔ بھارتی میڈیا زہریلے پراپیگنڈہ میں اس واقعہ کی ذمہ داری بھی پاکستان پر ڈال دی ہے جبکہ بلوچستان میں حال ہی میں را کا ایجنٹ پاکستان سیکیورٹی فورسز نے گرفتار کیا ہے۔ را کے سوشل میڈیا اکاؤنٹس و پاکستان مخالف یہودو لوگوں نے حملے کے فوری بعد پاکستان کے خلاف زہر اُگلنا شروع کر دیا ہے۔ ان باتوں کا اظہار سابقہ صدر سٹی ہاؤسنگ ڈیلرز ایسوسی ایشن سیالکوٹ چوہدری امتیاز علی وریاہ و سابق جنرل سیکرٹری سٹی ہاؤسنگ ڈیلرز ایسوسی ایشن سیالکوٹ چوہدری بلال احمد باجوہ نے اپنے مشترکہ میڈیا بیان میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کوئی ترنوالہ نہیں ہم زمہ دار ایٹمی طاقت اور پُر امن قوم ہیں ہیں۔ بھارت کا وطیرہ دنیا جانتی ہے کہ جب بھی کسی غیر ملکی سربراہ کا دورہ بھارت یا اہم موقع ہو یہ اپنا چورن بیچنے ہوئے فالس فلیگ کا ڈرامہ رچا کر دنیا کی توجہ مقبوضہ کشمیر میں بھارتی حکومت کے کشمیریوں پر جبر کیوجہ سے قابو سے باہر نکلتے حالات سے توجہ ہٹانا چاہتا ہے۔ بھارتی رٹ مقبوضہ کشمیر میں اپنی ظالمانہ پالیسیوں کی بدولت مکمل طور پر ناکام ہو چکی ہیں۔



جرم و سزا



سپیشل پراسیکیوٹر مجسٹریٹس کی کارکردگی کے حوالے سے منعقدہ جائزہ اجلاس

عوامی شکایات کا ازالہ اور گراں فروشوں کے خلاف کارروائیوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا



ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) ڈپٹی کمشنر شاہد محمود نے منٹگمری ہال میں ضلع بھر کے سپیشل پراسیکیوٹر مجسٹریٹس کی کارکردگی کے حوالے سے منعقدہ جائزہ اجلاس کی صدارت کی جس میں پراسیکیوشن کنٹرول کے اقدامات، مارکیٹ میں اشیائے خورد و نوش کی قیمتوں کی نگرانی، عوامی شکایات کا ازالہ اور گراں فروشوں کے خلاف کارروائیوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل نیاز احمد معل اور اسسٹنٹ کمشنر رانا اورنگزیب سمیت تمام پراسیکیوٹر مجسٹریٹس نے بھی اجلاس میں شرکت کی۔ ڈپٹی کمشنر شاہد محمود نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ عوام کو ریلیف فراہم کرنا ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے اور اس مقصد کے حصول کے لیے پراسیکیوٹر مجسٹریٹس کو اپنی ذمہ داریاں نہایت سنجیدگی اور دیانت داری سے ادا کرنا ہوں گی۔ انہوں نے تمام مجسٹریٹس کو ہدایت کی کہ وہ روزانہ کی بنیاد پر مارکیٹوں کا دورہ کریں، نرخ ناموں کی دستیابی اور ان پر عملدرآمد کو یقینی بنائیں اور خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف فوری کارروائی کریں۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ پچھلے ہفتے کے دوران ضلع بھر میں 42 ہزار سے زائد انسپکشنز کی گئیں جس دوران اوور چارجنگ پر 3 لاکھ 24 ہزار روپے جرمانہ، 4 ایف آئی ارز کا اندراج اور 181 افراد کو گرفتار کروایا گیا۔

لیسکو آفس اوکاڑہ میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا

ای قربان شاہ نے ایکسین میاں طارق بشیر اور رانا عرفان کے ہمراہ سائیلین کے مسائل سن کر موقع پر احکامات صادر کیے

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) عرفان۔مجاہد پھپھر اور دیگر افسران کے ہمراہ کھلی کچہری میں آنے والے سائیلین کے مسائل سنے اور موقع پر احکامات صادر کیئے قربان شاہ کا کہنا تھا لیسکو چیف رمضان بٹ کے وژن کی روشنی میں لیسکو صارفین کے تمام مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کیئے جائیں گے محکمہ میں کرپشن کسی صورت برداشت نہیں نااہل کام چور اور کرپٹ اہلکاروں کو کسی صورت معافی نہیں ملے گی ان کا کہنا تھا کھلی کچہریوں کے انعقاد کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا۔

روشن دان کے ذریعے خواتین کی نازیبا ویڈیو بنانے والا ملزم گرفتار

ملزم دیہات میں گھروں کے باہر سے روشن دانوں کے ذریعے واش رومز استعمال کرنے والے خواتین کی برہنہ ویڈیوز بنا کر بلیک میل کرتا تھا

میاں چنوں (تحصیل رپورٹر) ایف آئی اے سائبر کرائم کی میاں چنوں میں کاروائی، گھروں کے باہر کھڑا ہو کر روشن دانوں سے خواتین کی واش رومز کی ویڈیو بنا کر خواتین کو بلیک میل کرنے کے الزام میں ملزم گرفتار، ڈیٹا برآمد تفصیلات کے مطابق ایف آئی اے سائبر کرائم نے میاں چنوں گاؤں 108 پندرہ ایل میں کاروائی کرتے ہوئے ملزم وقاص کو گرفتار کرلیا، ملزم پر الزام تھا کہ ملزم دیہات میں گھروں کے باہر سے روشن دانوں کے ذریعے واش رومز استعمال کرنے والے خواتین کی برہنہ ویڈیوز بنا کر بلیک میل کرتا تھا، ملزم پر الزام ہے ملزم متعدد خواتین کی برہنہ ویڈیوز بنا کر بلیک میل کر کرے چواتین کو ہراساں کر چکا ہے، ایف آئی کے مطابق ملزم نے خاتون کی ویڈیوز بنا کر بلیک میل کرنے کا اعتراف کرلیا ہے جس سے موبائل و ڈیٹا برآمد کرلیا گیا ہے۔

تھانہ صدر گوجرانوالہ پولیس کی منشیات فروشوں کے خلاف شاندار کارروائی

2 خواتین سمیت 4 منشیات فروش گرفتار، مقدمات درج، ملزمان کے قبضہ سے 4 کلو 700 گرام ہیروئن، 1520 گرام چرس، 200 گرام آئس اور 3700 روپے ونک برآمد



گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) 2 خواتین سمیت 4 منشیات فروش گرفتار، مقدمات درج۔ ملزمان کے قبضہ سے 4 کلو 700 گرام ہیروئن، 1520 گرام چرس، 200 گرام آئس اور 3700 روپے ونک برآمد سی پی او محمد ایاز سلیم نے کہا کہ معاشرے میں امن و امان قائم رکھنا اولین ترجیح ہے اور منشیات فروشوں کیخلاف بے لوث آپریشن جاری رہے گا۔

جہلم موسم تبدیل ہوتے ہی شہر و گردو نواح میں بیماریاں پھیلنے لگیں

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم موسم تبدیل ہوتے ہی شہر و گردونواح میں بیماریاں پھیلنے لگیں سرکاری و نجی ہسپتالوں میں مریضوں کا رش الرجی، ناک، کان، گلہ اور پیٹ کے امراض میں بتلا، اضافہ موسم گرما کا آغاز ہوتے ہی جہلم شہر اور گردونواح میں الرجی، ناک، کان، گلا اور پیٹ کے امراض میں اضافہ ہو رہا ہے، متاثرہ مریضوں کی بڑی تعداد سرکاری ہسپتالوں میں پہنچ رہی ہے جبکہ پرائیویٹ ہسپتالوں اور کلینک پر بھی مریضوں کا رش لگ دکھائی دیتا ہے دوسری جانب پرائیویٹ ڈاکٹروں نے فیسیوں میں اضافہ کر دیا موسم کی اچانک گرم شدت کے بعد الرجی، آنکھوں کے امراض بڑھ گئے ڈسٹرکٹ ہیڈ ہسپتال کے ای این ٹی اور گیسٹرو شعبہ میں مریضوں کا رش خاصہ بڑھ گیا

اوکاڑہ کے نواح میں موٹر سائیکل سوار رکشہ کو اوورٹیک کرتے ہوئے زمین پر گر گیا

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ کے نواح میں موٹر سائیکل سوار رکشہ کو اوورٹیک کرتے ہوئے زمین پر گر گیا جسے پیچھے سے آنے والی ٹریکٹر ٹرالی نے کچل دیا جس کے نتیجے میں وہ موقع پر جاں بحق ہو گیا۔ تفصیلات کے مطابق اوکاڑہ کے نواحی قصبہ بصیر پور کا رہائشی 50 سالہ امام دین ولد ولی محمد اپنی موٹر سائیکل پر سوار ہو کر جا رہا تھا کہ اچانک راستے میں حویلی لکھا روڈ ڈولہ پختہ کے قریب رکشہ کو اوورٹیک کر

روزنامہ ”قوت“ لاہور (7) جمعرات 24 اپریل 2025ء

”قوت“ کلاسیفائیڈ

تمام اشتہارات ٹیک بیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غلط ثابت ہونے کی صورت میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا، اشتہارات صاف اور بڑے حروف سے ایک طرف لکھے ہوئے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

042-3636003

1 — بقیہ صفحہ نمبر

ایف آئی آر کی نقول مہیا کی گئی ہیں۔ لیزی کاپیند ورجنگ میں عام چلتی سنڈر مین سیٹی و دیگر تفصیلات سے متعلق رکھے واقعہ پولیس طلازمین کو تعینات کیا گیا ہے۔ سی سی پی او ابوالل صدیق کیمانہ نے کہا ہے کہ چلتی سنڈر اقدامات کے تحفظ کے ضامن ہیں۔ ایک کیلئے چلتی سنڈر مذالہ ہب معاشرے کے قیام میں مثالی کردار ادا کر سکے ہیں۔ سی سی پی او نے کہا کہ انگلش طریقوں کو پولیسنگ سے متعلقہ عدالت ایک بھی تعیت میں مبتلا ہیں جاری ہیں۔ انہوں نے کہا کہ چلتی سنڈر اقدامات شہریوں کو وقت میں سہولیات فراہم کرنے کے لیے کیا گیا ہے۔ ایک کیلئے چلتی سنڈر اقدامات کے تحفظ کے ضامن ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ ہم معاشرے کے تمام طبقات کے ساتھ مل کر ایک مثبت اور محفوظ معاشرے کی تشکیل کی جانب ایک اہم قدم ثابت ہوگا۔

9 — بقیہ صفحہ نمبر

طبقے کی شکایات کے فوری حل کے لیے آن لائن پورٹل کی افتتاح کیا گیا۔ اس میں مزدوروں کو درپیش روزمرہ انتظامی مسائل کو حل کیا جائے گا۔ اس کے علاوہ ورچوئل عدالتوں کے ذریعے مزدوروں کے مقدمات کے فیصلے کیے جائیں گے۔ ان خیالات کا اظہار وزیر محنت و انسانی وسائل ترقی اسکول، فیڈریشن آف کامرس اینڈ انڈسٹری پنجاب کے عہدیداروں نے کیا۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ مزدور ہمارے معاشرے کی ریڑھ کی ہڈی ہیں۔ ان کا تحفظ ہماری ذمہ داری ہے۔ ان میں شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ کل کچہریوں کے دوران آر پی او ڈی جی خان، ڈی پی او ڈی جی خان اور اضلاع کے دیگر افسران نے شرکت کی۔ اس موقع پر آر پی او ڈی جی خان نے کہا کہ پولیس کا مقصد ان کے ساتھ مل کر ضلع کو جرائم سے پاک کرنا ہے۔ ڈی پی او ڈی جی خان نے کہا کہ ہم ہر شہری کی شکایت کو اہمیت دیتے ہیں۔ ہمارا مقصد ہے کہ ہر شہری کو انصاف کی فراہمی کے ساتھ ساتھ ایک محفوظ ماحول بھی فراہم کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ ہم ہر شہری کی شکایت کو اہمیت دیتے ہیں۔ ہمارا مقصد ہے کہ ہر شہری کو انصاف کی فراہمی کے ساتھ ساتھ ایک محفوظ ماحول بھی فراہم کیا جائے۔

10 — بقیہ صفحہ نمبر

ہوئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب حکومت آج دنیا کے ساتھ چلنے کے لیے ڈیجیٹل ٹرانسفارمیشن پر توجہ دے رہی ہے۔ ڈیجیٹل ٹرانسفارمیشن کے بغیر ترقی ممکن نہیں ہے۔ ڈیجیٹل ٹرانسفارمیشن کے ذریعے ہی ہم ترقی کی منزل طے کر سکتے ہیں

روزنامہ "قوت" لاہور (8) جمعرات 24 اپریل 2025ء

عوام تک صحت کی بہترین سہولیات کی فراہمی کیلئے کوشاں ہیں، خواجہ سلمان رفیق

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے وژن کے مطابق پنجاب ہیومن آرگن ٹرانسپلانٹیشن اتھارٹی کے استعداد کار میں اضافہ کیا جا رہا ہے

پنجاب میں انسانی اعضاء کی غیر قانونی پیوندکاری کے خلاف سخت ایکشن لیا جا رہا ہے، پی ہوٹا کے ترمیمی بل کو بھی فولو کیا جا رہا ہے، صوبائی وزیر

لاہور (خبر نگار) صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق محکمہ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن میں پنجاب ہیومن آرگن ٹرانسپلانٹیشن اتھارٹی کی انیکسی کا دورہ کر رہے ہیں



لاہور: صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق محکمہ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن میں پنجاب ہیومن آرگن ٹرانسپلانٹیشن اتھارٹی کی انیکسی کا افتتاح کر رہے ہیں

لاہور (خبر نگار) صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن کے 34 ڈیوائسز اور 3 ایمبولینسز کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر ایڈیشنل سیکرٹری ٹیکنیکل ڈاکٹر فیصل عزیز، ڈائریکٹر جنرل پی ہوٹا ڈاکٹر کاشف مرزا، ڈین پاکستان کڈنی اینڈ لیور انسٹی ٹیوٹ پروفیسر اشرف نظامی، نگک ایگزیکٹو آفیسر محمد آصف اور ٹرانسپلانٹیشن سوسائٹی کے صدر پروفیسر ڈاکٹر یاسر شریف نے اجلاس میں شرکت کی۔ ڈائریکٹر جنرل پی ہوٹا پروفیسر شمیم نے بریفنگ دی۔ ایسوسی ایشن سے پروفیسر اشرف نظامی، ایڈورڈ میڈیکل یونیورسٹی سے پروفیسر ارشد چوہدری و دیگر ممبران نے شرکت کی۔ وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے ورچوئل کانفرنس کے ذریعے ڈین پاکستان کڈنی اینڈ لیور انسٹی ٹیوٹ پروفیسر شمیم سے بریفنگ لی۔ انہوں نے کہا کہ ہم عوام تک صحت کی بہترین سہولیات کی فراہمی کیلئے کوشاں ہیں، عوام کو بہترین علاج معالجہ کی سہولیات کی فراہمی کیلئے ہر ممکن اقدامات کر رہے ہیں، پی ہوٹا کے ترمیمی بل کو بھی فولو کیا جا رہا ہے، صوبائی وزیر صحت نے کہا کہ پنجاب میں انسانی اعضاء کی غیر قانونی پیوندکاری کے خلاف سخت ایکشن لیا جا رہا ہے